Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | پیر، 17 اگست 2026ء، 3 ربیع الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 120

تعمیراتی شعبے کی ترقی کیلئے بڑے اصلاحاتی پیکیج کی تیاری

بورڈ اور خصوصی بینک کے قیام کی تجویز، تعمیراتی معیار بہتر بنانے کیلئے مشترکہ پلیٹ فارم کیلئے بورڈ میں سرکاری، نجی شعبے کے نمائندے شامل ہوں گے

ایک سالہ ڈی ایل پی کو جلد بڑھا کر 3 سال کیا جائیگا، بورڈ کا مجوزہ فریم ورک حتمی منظوری کیلئے وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کیا جائیگا

وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ تعمیراتی شعبے میں اصلاحات سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے ملک میں تعمیراتی صنعت کو بحال، جدید اور تیز رفتار ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے جامع اصلاحاتی پیکیج پر کام شروع کر دیا ہے جس میں کنسٹرکشن انڈسٹری ڈویلپمنٹ بورڈ، خصوصی کنسٹرکشن ڈویلپمنٹ بینک کے قیام، درآمد و برآمد کی پالیسیوں میں بہتری اور ٹیکس اصلاحات کی تجاویز شامل ہیں۔ یہ پیشرفت وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ (بقیہ نمبر 3)

بنوں میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، پولیس اہلکار شہید

اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی، سرچ آپریشن شروع

بنوں (این این آئی) بنوں میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے پولیس اہلکار کو شہید کردیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ تھانہ بسیہ خیل کی حدود مرزا بیگ سورانی میں پیش آیا، پولیس اہلکار سیف اللہ چوکی ٹان شپ میں تعینات تھے اور صبح ڈیوٹی کیلئے پیدل جا رہے تھے کہ نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے انہیں فائرنگ کا نشانہ بنایا۔ میت ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال بنوں منتقل کردی گئی، واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس (بقیہ نمبر 4)

ضلع راولپنڈی میں گداگری کا خلاف کاروائی کا آغاز

آج ضلع کی تمام تحصیلوں میں گداگروں کے خلاف کاروائی متعدد گداگر گرفتار، گداگری ایک مافیا بن چکا ہے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) حکومت پنجاب کی ہدایت پر ضلع راولپنڈی میں گداگری کا خلاف کاروائی کا آغاز کردیا، یہ فیصلہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عبدالرحمٰن خان کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلہ کیا گیا تھا۔ آج (بقیہ نمبر 7)

داتا دربار کے تمام ترقیاتی کام آئندہ عرس سے قبل مکمل ہونگے

دربار کو مثالی و جدید زیارت گاہ بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، سیکرٹری اوقاف

لاہور (این این آئی) سیکرٹری و چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ داتا دربار کے تمام تر ترقیاتی، تزئین و توسیعی کام آئندہ سال عرس مبارک سے قبل ہر صورت مکمل کر لیے جائیں گے تاکہ ملک (بقیہ نمبر 6)

52 نئی ادویات کی قیمتیں رواں ماہ مقرر ہونے کا امکان

وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر صحت، خزانہ اور سی ای او ڈریپ (آج) ملاقات متوقع

اسلام آباد (این این آئی) جان بچانے والی 52 نئی ادویات کی قیمتیں رواں ماہ مقرر ہونے کا امکان ہے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر صحت، ڈریپ حکام کی ملاقات طے پا گئی۔ (بقیہ نمبر 5)

چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک اسلام آباد میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

پنجاب کی ترقی، تاریخی پراجیکٹ دوسرے صوبوں کیلئے مثال بن رہے ہیں، وزیراعلیٰ سے ارکان اسمبلی کی ملاقات، خراج تحسین

ارکان اسمبلی کی آزاد جموں و کشمیر میں کامیابی پر مبارکباد

مثالی گاؤں پراجیکٹ کے تحت دیہات کی اپ گریڈیشن انقلابی اقدام ہے، ارکان اسمبلی نے آزاد جموں و کشمیر میں کامیابی پر مبارکباد بھی دی

پی او ایف سنجوال تا حضرو، گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی ڈھوک فتح سے اٹک خورد تک الیکٹروبس رواں دواں ہیں، ارکان اسمبلی

صفائی ستھرائی کے بعد اب پورے صوبہ بھر کے تمام شہروں میں پینے کا صاف پانی مہیا کرنا میرا عزم ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت صوبہ بھر میں نکاسی آب، سیوریج سسٹم اور روڈز کے میگا پراجیکٹس شروع کیے ہیں، وزیراعلیٰ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ضلع اٹک کے ارکان صوبائی اسمبلی نے ملاقات کی، ملاقات کے دوران عوامی ضروریات اور ترقیاتی پراجیکٹس پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ارکان اسمبلی نے آزاد جموں و کشمیر میں کامیابی پر مبارکباد دی۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے ضلع اٹک میں الیکٹروبس کے آغاز پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کیا۔ ارکان اسمبلی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی او ایف سنجوال تا حضرو، گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی ڈھوک فتح سے اٹک خورد تک الیکٹروبس رواں دواں ہیں۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے اٹک اور گرد و نواح کے لئے لیکٹروبس فراہم کرنے پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو عوام کے خوشگوار رد عمل سے (بقیہ نمبر 27)

معروف ٹک ٹاکر عائشہ گیلا منہ مسلح افراد کی فائرنگ سے جاں بحق

ٹیکسلا (این این آئی) ٹیکسلا بائی پاس کے قریب موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں معروف ٹک ٹاکر عائشہ گیلا منہ جاں بحق اور ان (بقیہ نمبر 14)

جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ علاج کیلئے بیرون ملک چلے گئے

دبئی میں ڈاکٹرز نے تفصیلی طبی معائنہ کیا، کچھ ٹیسٹ کے نتائج آنا باقی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سابق آرمی چیف جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ علاج کے لیے بیرون ملک چلے گئے۔ قمر جاوید باجوہ 3 ہفتے سی ایم ایچ میں زیر علاج رہے، انہیں سر اور کمر میں چوٹ آئی تھی۔ فیملی ذرائع کے مطابق سابق آرمی چیف قمر باجوہ نے یو اے (بقیہ نمبر 15)

خواتین، طلبہ اور بزرگوں کیلئے مفت سفری سہولت خوش آئند اقدام

صفائی ستھرائی کے بعد پنجاب کے تمام شہروں میں پینے کا صاف پانی مہیا کرنا عزم ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

مریم نواز شریف سے اٹک سے تعلق رکھنے والے ارکان اسمبلی کی ملاقات، ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ضلع اٹک سے تعلق رکھنے والے ارکان صوبائی اسمبلی نے ملاقات کی جس میں ضلع کی عوامی ضروریات، ترقیاتی منصوبوں اور جاری پروگرامز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ارکان اسمبلی نے آزاد جموں و کشمیر میں کامیابی پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو مبارکباد پیش کی اور ضلع اٹک میں الیکٹروبس سروس کے آغاز پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ ارکان اسمبلی نے بتایا کہ پی او ایف سنجوال تا حضرو اور گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی ڈھوک فتح سے اٹک خورد تک الیکٹروبس سروس چل رہی ہے، انہوں نے (بقیہ نمبر 16)

لاہور: لاہور ٹیکس بار کے صدر رانا ثاقب منیر، جنرل سیکرٹری فاروق کجر اور دیگر پاکستان ٹیکس بار کے صدر احسان الحق شیخ، پیٹرن رانا میر حسین کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 7 دہشت گرد ہلاک، متعدد زخمی

دہشت گرد بھتہ خوری، اغوا، ٹارگٹ کلنگ، خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث تھے، ایک موٹر سائیکل اور 2 گاڑیاں بھی ملی ہیں

وزیر داخلہ محسن نقوی کی خاران میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 7 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کی تعریف

خاران (این این آئی) بلوچستان میں خاران کے علاقے لجے میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرکے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گرد ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے، دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے جدید اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر جنگی سامان برآمد ہوا ہے۔ دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے ایک موٹر سائیکل اور (بقیہ نمبر 8)

خلوص ویلفیئر سوسائٹی ٹرسٹ کے زیر اہتمام تقریب

تقریب کے اختتام پر تربیت مکمل کرنے والی 60 بچیوں میں اسناد تقسیم کی گئیں اور ان کے روشن مستقبل کے لیے دعا کی گئی

خواتین کو ہنر مند اور بااختیار بنانا معاشرے کی ترقی اور ملکی معیشت کے استحکام کے لیے انتہائی اہم ہے، ڈی جی پی آئی ڈی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) خلوص ویلفیئر سوسائٹی ٹرسٹ کے زیر اہتمام دوسرے بیچ کے سلائی کورس کی تقریب تقسیم اسناد منعقد ہوئی، جس میں 60 بچیوں نے تربیت مکمل کی اور انہیں اسناد دی گئیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی شفقت عباس، ڈی جی پی آئی ڈی، نے کہا کہ خواتین کو ہنر مند اور بااختیار بنانا معاشرے کی ترقی اور ملکی معیشت کے استحکام کے لیے انتہائی اہم ہے۔ (بقیہ نمبر 26)

خلوص ویلفیئر سوسائٹی ٹرسٹ کے زیر اہتمام دوسرے بیچ کے سلائی کورس کی تقریب تقسیم اسناد کی تقریب

لاہور: پاکستان فورم آف ویمن اسلامک اسکالرز کے افتتاحی اجلاس میں ممتاز خواتین اسلامی اسکالرز شریک ہیں

موٹر سائیکل کی ٹینکی پھٹنے سے 8 راہگیر جھلس کر زخمی ہوگئے

پولیس کی مدعیت میں نامعلوم موٹر سائیکل سوار کیخلاف مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) ڈیفنس بی کے علاقے میں نامعلوم موٹر سائیکل سوار کی ٹینکی پھٹنے سے آٹھ راہگیر جھلس کر زخمی ہوگئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ (بقیہ نمبر 9)

نامعلوم افراد نے نائب تحصیلدار کے بھائی کو قتل کردیا

نامعلوم افراد نے گھر میں گھس کر تیز دھار آلے سے 66 سالہ بلال کی گردن کاٹ دی

عارف والا (این این آئی) عارف والا کے محلہ مشتاق نگر میں قتل کی افسوسناک واردات پیش آئی، جہاں نامعلوم افراد نے نائب تحصیلدار محمد صفدر بھٹی کے بھائی کو قتل کردیا۔ پولیس کے مطابق نامعلوم افراد نے گھر میں گھس کر تیز دھار آلے سے 66 سالہ (بقیہ نمبر 10)

خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی میں 3 گروپ بنے ہوئے ہیں

27 ستمبر کو پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا، کوئی تیاری نہیں، شیر افضل مروت

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی میں 3 گروپ بنے ہوئے ہیں، 27 ستمبر کو پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا، کوئی تیاری نہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مشال یوسفزئی کے حوالے سے غصے کی وجہ یہ ہے انکا تعلق بشریٰ بی بی سے ہے، کوشش کی گئی کہ مشال یوسفزئی کو سینیٹ کا ٹکٹ نہ ملے، بانی پی ٹی آئی نے کہا تھا کہ مشال یوسفزئی کو ٹکٹ دیا جائے۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ سلمان (بقیہ نمبر 17)

جعلی ویزے پر یورپ جانے کی کوشش کرنے والا مسافر آف لوڈ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے نیدرلینڈز کے جعلی ویزے پر سعودی عرب کو ٹرانزٹ کے طور پر استعمال کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 18)

ایم کیو ایم کا نئے صوبوں کیلئے قومی ڈائیلاگ شروع کرنے کا اعلان

ملک چلانے والوں کو بھی ادراک ہوگیا ہے ملک کو بچانیکا واحد راستہ انتظامی یونٹ بنانا ہے، مصطفیٰ کمال

اگر انتظامی یونٹ ہو تو صوبے کا ایک کسان بھی وزیراعلیٰ تبدیل کرسکتا ہے، وفاقی وزیر برائے صحت کی پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان نے ملک میں نئے صوبوں کو وقت کی ضرورت قرار دیتے ہوئے قومی ڈائیلاگ شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر صوبے بنانا غداری تھا تو آئین میں اس کا ذکر کیوں موجود ہے؟۔ اتوار کو یہاں ایم کیو ایم رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے پارٹی چیئرمین خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ پاکستان کے موجودہ صوبے قانونی (بقیہ نمبر 19)

شدید بارش کے باعث مکان کی چھت گرنے سے بچہ جاں بحق

ریسکیو اہلکاروں نے بچے کی لاش کو نکال کر ٹی ایچ کیو ہسپتال درگئی منتقل کردیا

پشاور (این این آئی) پشاور کے علاقے درگئی میں موسلا دھار بارش کے باعث کچے مکان کی چھت گرنے سے 9 سالہ بچہ جاں بحق ہوگیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق رات گئے تحصیل درگئی کے علاقے سدرا جوڑ، باری پل میں شدید بارش ہوئی جس کے نتیجے میں (بقیہ نمبر 20)

لاہور: سیکرٹری | چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب احسان بھٹہ مزار حضرت داتا گنج بخش میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

سرگودھا، بھائی کے ہاتھوں بہن کا قتل

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں بھائی نے فائرنگ کرکے بہن کو قتل کردیا۔ قتل کا واقعہ سرگودھا کے نواحی علاقے چک نمبر 15 شمالی میں پیش آیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے بعد ملزم بھائی اور اس کا ساتھی جائے وقوع سے فرار ہو گئے۔ پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش اور تفتیش شروع کردی ہے۔

چلڈرن ہسپتال سے لاپتہ 5 سالہ بچی بحفاظت بازیاب

لاہور (این این آئی) پولیس نے چلڈرن ہسپتال سے مبینہ اغواء ہونے والی پانچ سالہ بچی کو بحفاظت بازیاب کرکے والدین کے حوالے کردیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن کے مطابق اعتزاز نامی شہری اپنے اہل خانہ کے ہمراہ بہاولنگر سے بچے کے چیک اپ کے لیے چلڈرن ہسپتال آیا تھا۔ ہسپتال میں رش کے (بقیہ نمبر 21)

پاکستان فورم آف ویمن اسلامک اسکالرز کے قیام کا اعلان

ملک گیر فورم ملک بھر کی ممتاز خواتین اسلامی اسکالرز کو موثر پلیٹ فارم مہیا کریگا

لاہور (این این آئی) دارالتزکیہ نے خواتین کی اسلامی تعلیم و تربیت کے فروغ کے لیے "پاکستان فورم آف ویمن اسلامک اسکالرز" کے قیام کا اعلان کردیا۔ دارالتزکیہ کے ترجمان کے مطابق یہ ملک گیر فورم ملک بھر کی ممتاز خواتین اسلامی اسکالرز کو موثر پلیٹ فارم (بقیہ نمبر 25)

آن لائن فراڈ میں ملوث 284 غیر ملکیوں کو ملک بدر کرنے کا فیصلہ

گرفتار افراد میں اکثریت ویتنام، انڈونیشیاء اور چین کے شہریوں کی ہے، گرفتار 284 غیر ملکیوں کے ویزے منسوخ

ملک بدری کے بعد ان افراد کے نام بلیک لسٹ اور فارنرز کنٹرول لسٹ میں شامل کیے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) آن لائن فراڈ میں ملوث 284 غیر ملکیوں کو پاکستان سے ملک بدر کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ وزارت داخلہ نے گرفتار 284 غیر ملکیوں کے ویزے منسوخ کردیئے جبکہ ان کے لیے 15 روزہ ون ٹائم ایگزٹ پرمٹ بھی جاری کردیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق غیر ملکیوں کو اسلام آباد کی ایک نجی ہاؤسنگ سوسائٹی سے گرفتار کیا گیا تھا۔ گرفتار افراد میں اکثریت (بقیہ نمبر 11)

خطرناک ڈرائیونگ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن

سوشل میڈیا پر ویڈیوز کی بنیاد پر بھی ذمہ دار افراد کیخلاف سخت ایکشن لیا جائیگا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں سڑکوں کو ریسنگ ٹریک سمجھ کر خطرناک ڈرائیونگ کرنے والوں کے خلاف ٹریفک پولیس نے کریک ڈاؤن شروع کردیا۔ چیف ٹریفک آفیسر لاہور نے ڈرفٹنگ اور خطرناک ڈرائیونگ کرنے والے افراد کے (بقیہ نمبر 24)

وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین پھاٹا کے گورننگ باڈی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نارووال، توڑی کے ڈھیر سے نومولود بچی برآمد

گاؤں لکھنور کے رہائشی ظہیر نے بچی کو قانونی طریق کار کے تحت گود لے لیا

نارووال (این این آئی) نارووال میں توڑی کے ڈھیر سے نومولود بچی برآمد ہوئی جسے ریسکیو 1122 نے بحفاظت تحویل میں لے لیا۔ بتایا گیا ہے کہ عیسیٰ روڈ شکر گڑھ کے گاؤں گھمالی میں نامعلوم افراد کی جانب سے حویلی کے توڑی والے کمرے میں چھوڑی (بقیہ نمبر 13)

سرگودھا میں غیرت کے نام پر 18 سالہ دوشیزہ کو قتل کردیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں غیرت کے نام پر 18 سالہ دوشیزہ کو قتل کردیا گیا جس کی نعش کو پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش (بقیہ نمبر 12)

ضلع چکوال میں یوم آزادی کی مرکزی تقریب

دفاع وطن کے لیے پاکستانی قوم پوری طرح متحد ہے اور ہمیں آنے والی نسلوں کو ایک خوشحال، مضبوط اور مستحکم پاکستان دینا ہے

ایم این اے سردار غلام عباس خان، ایم پی اے مہوش سلطانہ راجہ، ڈپٹی کمشنر سارہ حیات، ڈی پی او کاشف ذوالفقار، دیگر افسران کی شرکت

دفاع وطن کے لیے پاکستانی قوم پوری طرح متحد ہے اور ہمیں آنے والی نسلوں کو ایک خوشحال، مضبوط اور مستحکم پاکستان دینا ہے

نوجوان نسل میں وطن عزیز سے لازوال محبت اور حب الوطنی کا جذبہ اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، مقررین

چکوال (نمائندہ عوامی للکار) ملک بھر کی طرح ضلع چکوال میں بھی وطن عزیز پاکستان کا 79 واں یوم آزادی قومی جوش و جذبے، ملی یکجہتی اور شایانِ شان انداز میں منایا گیا۔ جشنِ یوم آزادی کی عظیم الشان مرکزی تقریب ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ڈی سی آفس کمپلیکس میں منعقد ہوئی، جس میں ایم این اے سردار غلام عباس خان، ایم پی اے مہوش سلطانہ راجہ، ڈپٹی کمشنر سارہ حیات اور ڈی پی او کاشف ذوالفقار نے مشترکہ طور پر پرچم کشائی کی اور کیک کاٹا۔ تقریب میں اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنر چکوال ارسلان سکندر، (بقیہ نمبر 2)

چکوال: ایم این اے سردار غلام عباس، ایم پی اے مہوش سلطانہ راجہ، ڈپٹی کمشنر سارہ حیات، ڈی پی او کاشف ذوالفقار یوم آزادی کی مرکزی تقریب میں پرچم کشائی کے بعد آزادی کیک کاٹ رہے ہیں

بھینسیں دلدل میں پھنس گئیں، 13 ہلاک، 7 کو بچالیا گیا

بھیرہ سیم نالے میں 20 بھینسیں دلدل میں پھنسیں، وزیراعلیٰ نقصان کا ازالہ کریں

بھلوال (این این آئی) پنجاب کے شہر بھلوال میں افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں 13 بھینسیں دلدل میں پھنسنے سے ہلاک ہوگئیں۔ بھیرہ سیم نالے میں 20 بھینسیں دلدل میں پھنسیں جن میں سے 13 ہلاک جبکہ 7 کو زندہ نکال لیا گیا۔ متاثرہ زمیندار (بقیہ نمبر 23)

سرکاری عدالتی مثل لے کر فرار ہونے پر وکیل کیخلاف مقدمہ درج

ور ملزم کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی، پولیس

قصور (این این آئی) ضلع کچہری قصور میں زیر سماعت مقدمے کی سرکاری عدالتی مثل مبینہ طور پر حاصل کر کے کمرہ عدالت سے لے جانے اور فرار ہونے کے الزام میں پولیس نے وکیل کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس فارم نمبر (1)-5-24 کے مطابق (بقیہ نمبر 22)

مسلم لیگ ڈیفنس ونگ کے زیر اہتمام جشن آزادی کا شاندار انعقاد

آزادی کیک کاٹا گیا، ڈویژنل صدر چوہدری شاہ نواز رانجھا، ضلعی صدر مہر عبدالسلام، اور دیگر رہنماؤں و کارکنان نے شرکت کی

آزادی کو خدا کی عظیم نعمت قرار دیا گیا، تحریک آزادی کے رہنماؤں کو خراج عقیدت اور مسلم لیگ ن کے تاریخی کردار پر روشنی ڈالی گئی

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) مسلم لیگ ن ڈیفنس ونگ کے زیر انتظام جشن آزادی کی تقریب منعقد ہوئی اس موقع پر ڈویژنل صدر مسلم لیگ ن چوہدری شاہ نواز رانجھا اور ضلعی صدر ڈیفنس ونگ مہر عبدالسلام نے عہدیداران اور کارکنان کے ہمراہ آزادی کیک (بقیہ نمبر 1)

مسلم لیگ ن ڈیفنس ونگ کے زیر انتظام جشن آزادی کی تقریب میں ڈویژنل صدر مسلم لیگ ن چوہدری شاہ نواز رانجھا و دیگر کیک کاٹ رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

جعلی زرعی ادویات

ایک خبر کے مطابق محکمہ پیسٹ وارننگ اور کوالٹی کنٹرول نے ملتان میں کارروائی کے دوران 43750 کلوگرام جعلی و غیر قانونی زرعی ادویات قبضے میں لیں جبکہ سات ملزمان کو گرفتار بھی کیا گیا۔ اس وقت ملک میں جعلی اور غیر معیاری زرعی ادویات کا کاروبار تشویشناک حد تک پھیل چکا ہے۔ کسان پہلے ہی مہنگی کھاد، بیج، زرعی مشینری، پانی اور دیگر مداخل کی بڑھتی ہوئی لاگت کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے۔ وہ اپنی محدود آمدنی میں سے ہزاروں روپے خرچ کر کے فصلوں کو بیماریوں اور کیڑوں سے بچانے کے لیے ادویات خریدتا ہے مگر جب یہی ادویات جعلی نکلیں تو یہ فصل بچانے کے بجائے مزید نقصان کا سبب بن جاتی ہیں۔ نتیجتاً فصل کو نقصان پہنچنے کے ساتھ کسان کی مہینوں کی محنت، سرمایہ اور امیدیں بھی خاک میں مل جاتی ہیں۔

اگر حکومتی کارروائیوں کے باوجود جعلی زرعی ادویات کا دھندہ پھیلتا جا رہا ہے، اس کا مطلب صاف ہے کہ کہیں نہ کہیں نگرانی کے موجودہ نظام میں کمزوری موجود ہے۔ سخت سزائیں نہ ہونے کے باعث اس کاروبار میں ملوث عناصر چند ہفتوں یا مہینوں میں چھوٹ کر دوبارہ کسانوں کا استحصال شروع کر دیتے ہیں۔ زراعت اور غذائی تحفظ کو جعلی ادویات بنانے والوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ حکومت کو چاہیے کہ کھادوں اور زرعی ادویات کی باقاعدہ جانچ یقینی بنائی جائے اور جعلی ادویات فروخت کرنے والوں اور تیار کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

''فتنوں کے اُس دور میں''

تحریر: سیّدہ نزہت ایوب کاظمی، شہر: اسلام آباد

ہمارے بچپن میں ٹیلی ویژن پر ایک بسکٹ کا اشتہار چلا کرتا، جس میں ایک جادو نما آدمی ہاتھ میں بانسری یا باجا پکڑے بجاتا جسکے سُر جس جس کے کانوں میں پڑتے اُس کے پیچھے چلا جاتا۔ ایک، دو اور تین سے دھیرے، دھیرے قافلہ بڑھتے بڑھتے اِک جمِ غفیر بن جاتا، اور وہ سب کو لے جا کر بسکٹس والے کمرے میں بند کر دیتا۔ یہ تو تھی بچپن کی یاد، بچپن بھی عجیب شے ہے عمر کے کسی بھی حصے میں نہیں بھولتا۔ زندگی کا یہ پہلا، پہلا دور ذہن کی سکرین پر یوں نقش ہو جاتا ہے لاکھ کھرچ لو مجال ہے جو ذرا بھی مِٹے۔ ہمیشہ یاد رہتا پہلا، پہلا ذائقہ، دلپسند رنگ، پھول بارشیں، بادل، تیز ہوائیں، رات کی تاریکی میں چمکتے تارے، آسمان پر تاروں کا جھرمٹ، چاندنی راتیں گرمیوں کے دِن ہوں یا سردیوں کی سُنہری دھوپ حتیٰ کہ شعور کی پہلی، پہلی ڈگر۔ اور اگر بچپن گاؤں میں گزرا ہو تو پھر کمال اور ہے۔ وہ کھیتوں کی بہاریں، پگڈنڈیوں پہ شیشم کی قطاریں اُن پہ پرندوں کی چہکاریں۔ گرمیوں میں گندم کی فصلوں کا سونا، اور سردی میں خوش رنگ سرسوں کے پھولوں کی بہاروں کی سُر تال پہ گنّے کے کھیت کِنارے بنتے گُڑ کی حلاوت ما شاء اللہ، ماشاء اللہ۔ اے میرے محترم باادب قاری چلیں جن نعتوں کا میں ابھی ذکر کر رہی ہوں وہ تو پھر بھی ہماری زندگیوں کے ساتھ، ساتھ محوِ سفر ہیں۔ اب دیکھیں ناں تب بھی زندگی دِن سے رات کرتی تھی اب بھی، تب بھی سرسوں کے پھولوں کا رنگ پیلا ہوتا تھا اب بھی، تب بھی آسمان پر تاروں کا جھرمٹ نظر آتا تھا اب بھی پوری آب و تاب سے ہر رات کہکشائیں چمکتی ہیں (وہ الگ بات کہ اب تکنے کی فُرصت نہیں ملتی) تب بھی بادِ نسیم صبح کی دوش پہ چلتے عجب سحر طاری کرتی آج بھی، دھیرے، دھیرے چلنے والی ہوائیں آندھیوں کا روپ دھارتی ہیں تو تھے دِل اُڑ کر بادلوں کو چھو آنے پہ مچل جاتے تھے تب بھی اور اب بھی، سردیوں میں گُڑ کی حلاوتوں کا ذائقہ ہوائیں چکھتی ہیں اب بھی اور تب بھی۔ ہاں زیادہ نہیں مگر اب بھی کہیں، کہیں بوڑھے برگد گُزرے موسموں کی آپ بیتیاں بیان کرتے نظر آتے ہیں۔ پہلے شیشم کے درخت الگ ہی شان و شوکت رکھتے تھے اب بھی ہوتے ہیں پر پہلے والے جلوے ذرا کم ہی دکھائی پڑتے ہیں، البتہ شیشم کے بجائے اب سفیدے کے درختوں نے ڈیرے جما لئے، اور ہاں زمین کی زرخیزی بھی قدرے کم ہوئی۔ مگر یہ اللہ کی عنایتیں ہیں جو، جب تک وہ خود نہ چاہے کبھی نہیں مٹ سکتیں۔ غور طلب بات تو یہ ہے کہ نظامِ فطرت آج بھی وہی ہے۔ تبدیلی تو ہم اِنسانوں کے رہن سہن میں ہوئی اور ہو رہی۔ کیا ہی اچھا ہوتا طرزِ معاشرت ہم بھی نہ بدلتے چلیئے کچھ نہ کچھ بدل لیتے اِنتہائی مجبوری و ضرورت کے تحت کچھ نہ کچھ ہم فطرت کو کاپی کر لیتے تو یقیناً ہم فائدے میں رہتے۔ کچھ زیادہ نہیں بس صحن کھلے رکھنے کے رواج کو زندہ رکھتے، مُرغیاں بطخیں کچھ بکریاں و بکرے اور ایک آدھ اگر اللہ دے دیتا تو گائے بھی پال لیا کرتے۔ (کیونکہ بھینسوں کے بکھیڑے بڑے ہوتے ہیں) بھئی کون کہتا ہے پڑھائیاں کرنے سے یا پیسہ آ جانے سے روشِ زندگی تبدیل ہو جاتے ہیں، یہ تو میری سوچ ہے کہ لوگوں نے اِن عادتوں کو ترک کیا (یعنی مرغیاں، بطخیں، بکریاں یا دودھ کے لئے گائے پالنا) اِنہیں دیہاتی زندگی سے جوڑا، بھئی کس نے کہا چار جماعتیں پڑھ کر انہیں پالنا توہین ہے، ارے جو کام نبیوں، پیغمبروں نے کیا ہو وہ کیسے بھلا توہین آمیز ہو سکتا ہے، پڑھ لکھ کر دورِ جدید میں داخل ہونے والے ہم سے زیادہ پھر گورے ہیں، جو مُرغیاں بطخیں، بکریاں، گائے، بھینس وغیرہ پالتے اور گوبر اُٹھاتے نہیں شرماتے۔ بلکہ جدید مِشنری کو بھی اِس کام میں استعمال کر رہے ہیں۔ حالانکہ زمین کی زرخیزی کی بہترین غذا تو یہی گوبر ہے آج بھی۔ بھئی ہر کوئی اپنی سوچ میں آزاد ہے۔ کوئی کچھ بھی سوچ سکتا ہے ہاں سوچ مثبت ہونی چاہئے۔ جس طرح ہم وہ نہیں رہے رہن سہن وہ نہ رہے، ہمارا کھانا پینا اُٹھنا، بیٹھنا رویّے اور لہجے تک بدل چکے وہ ٹیلی ویژن والے اِشتہار بھی نہ رہے۔ اب ہر شے میں بے باکی آ چکی ہے۔ مزے کی بات بچپن کے وہ پہلے، پہلے سوال جو بہت پریشان کیا کرتے، بھی ہر ایک کو جس نے بچپن گزارا ہوتا ہے اُس، اُس کو کبھی نہیں بھولتے، جو وہ اپنے بڑوں سے ہم جولی و دوستوں اور خود اپنے ذہن و دِل سے کر رہے ہوتے، سبھی تاحیات یاد رہتے ہیں۔ اچھا یہاں میں ایک بات ضرور درج کرنا چاہوں گی وہ بڑے جو اپنے بچوں کے سوالوں سے پریشان رہتے ہیں اور کبھی، کبھی تو اُنہیں ڈپٹ دیتے ہیں، چُپ کرا دیتے ہیں، اُن کے سوالوں کو لازمی ترجیح دیا کریں۔ آج کل ماؤں نے چُپ کرانے کا ڈھبکل طریقہ ایجاد کر لیا ہے اپنے بچوں کو انڈرائڈ ٹچ موبائل پکڑا کر اور بچے بھی بہت ہوشیار واقع ہوئے ہیں اتنا ماں کو آپریٹ کرنا آئے نہ موبائل بچوں کو آئے گا محترم قاری ایک بار تو حد ہی ہو گئی، یہ مذاق نہیں بالکل سچّا واقعہ ہے جو میرے ساتھ ہی پیش آیا اور ہے بھی تب کا جب موبائل ابھی عام نہ ہوا تھا۔ میں شہر سے اپنے آبائی گاؤں جا رہی تھی، جہاں میرا پرائیویٹ تعلیمی ادارہ تھا، جو مکمل میری زیرِ نگرانی تھا۔ میری گاڑی کے آگے، آگے ایک رکشہ جا رہا تھا جس پہ صرف دو ہی سواریاں تھیں ایک ماں اور اُسکا بیٹا، بچہ بمشکل بیٹھتا ہو گا۔ دونوں ماں بیٹا رکشے کے پیچھے بیٹھے تھے بچہ سیٹ پہ تھا اور اُس کے ہاتھ میں ٹچ موبائل ماتھے پر تیوری، اُس کی آنکھوں میں تجسس، حیران کن یہ نہیں تھا بلکہ مجھے لگا کہ وہ موبائل کو آپریٹ بھی کر رہا ہے۔ اور اُس بچے کی ماں کے چہرے کی مُسکراہٹ، لگ رہا تھا جیسے اُس کا بیٹا دنیا فتح کر رہا ہو۔ اوہو بات کہاں سے کہاں نکل گئی بات تو ہو رہی تھی بچپن کے سوالوں کی جو اُس زمانے میں جبکہ وہ بچہ ہوتا ہے، واقعی ہر بچے کو بے چین رکھتے ہیں، آگے بڑھنے سے پہلے اِسی موضوع پر کچھ سوالات میرے دماغ میں آ رہے ہیں ذکر کر ہی دوں تو اچھا ہے، چاہے بات سے پھر بات کہیں دور نکل جائے۔ مگر یہ بھی بہت اہم ہے۔ جی، جی مجھے یاد ہے کہ اہم تو وہ ہے جو میں اپنے باادب قاری کی خدمت میں موضوع لیکر حاضر ہوئی ہوں، یہ تو صرف راہداریوں کے کچھ تذکرے ہیں۔ تو محترم قاری ہر زمانے کے بچوں کے سوالات بھی مُختلف ہی ہوتے ہوں گے جیسا لب و لہجہ، رہن، سہن اور رسم و رواج ویسے ہی سوال۔ اپنے قاری کے سامنے اپنی مثال رکھوں تو مجھے یاد ہے سب سے پہلے سوال اُٹھا تھا کہ اللہ دِکھنے میں کیسا ہے۔ اور وہ رہتا کہاں ہے، بڑوں سے جواب یہی جواب مِلا کہ اللہ بہت بڑا ہے اور وہ ساتویں آسمان پر رہتا ہے۔ اب ہم سب ہجولیاں مل کے اِس پر سیر حاصل بحث کر کے یہ نتیجہ نکال لیتیں کہ اللہ کی رہائش اتنے بڑے آسمانوں پر ہے اور وہ اِتنا بڑا، اِتنا بڑا ہے کہ اُس کا ایک ناخن ہی آسمان سے لیکر اِس زمین تک ہے۔ اللہ کی ایک پھونک سے ہر شے تہہ و بالا ہو جائے گی۔ ہم تمام بچیاں اللہ کے چہرے ناک، کان، منہ، ہاتھ، پیر کی وضاحت کر کے خوف کھا جاتیں اور کہتیں بڑے کہتے ہیں اللہ بہت بڑا ہے، اللہ سے ڈرو اور ہم واقعی ڈر جاتیں۔ دوسرا سوال پریشان کرتا کہ قبر میں تو سُنا ہے سوالات عربی زبان میں ہوں گے اور ہمیں تو عربی آتی نہیں یہ سوال ہمیں سب سے زیادہ پریشان کرتا۔ جماعت سوئم میں ہم خود کو بڑا اور بہت سیانا سمجھنے لگیں تھیں، تب ہمیں پتہ چلا کہ ششم جماعت میں عربی لازمی ہے پھر کہیں جا کر جان کو سکوں ملا کہ انگریزی کا کڑوا گھونٹ پی لیں گے شُکر ہے عربی لازمی ہے قبر کے سوالات کے جوابات دینے کے قابل تو ہوں۔ سوئم جماعت میں ہماری پریشانی کچھ اور ہی ڈگر کی مُسافرہ ہو گئی ایک دو سوالوں نے بڑا ہی پریشان کیا۔ ہمارے اسکول میں انعامات کی تقریب میں دو معزز شخصیات آ رہیں تھیں آنے والے ایک بزرگ کا نام محمد علی تھا اُستانیاں اُنہیں قائد کا لقب دے رہی تھیں ابھی دوئم سے سوئم میں ہم وارد ہوئی ہی تھیں اور قائداعظم کے مضمون کے رَٹّے پہ رَٹّہ چل رہا تھا۔ پاکستان بھی ابھی نیا، نیا آزاد ہوا تھا قائداعظم کی عزت و توقیر تو بہت تھی ناں ماشاء اللہ، ہم بچیاں اپنی معاشرتی علوم کی کتاب سے قائداعظم محمد علی جناح کی تصویر سے اُن باباجی کی شکل ہی سارا دِن ملاتی رہیں۔ ہم ایک دوسرے سے کہیں، سر پہ ٹوپی سے لے کر جوتے کپڑے تو وہی ہیں شکل کیوں نہیں مِل رہی۔

محترم قاری سوالات تو بہت ہیں مگر گفتگو مجھے آپ سے کسی اور موضوع پہ کرنا تھی اور ذکر کچھ اور چھیڑ بیٹھی ہوں۔ اپنے اصل موضوع کی طرف پلٹنے سے پہلے میں ایک اور بات ضرور کرنا چاہوں گی کہ تب جب کہ عمرِ رواں شاید ابھی تیسرے سال کے آغاز یا اختتام میں ہو گی اِس بات پر پُختہ ایمان ہو چُکا تھا کہ اللہ نے اپنی مخلوق کے لئے دَس حصّے علم الگ کیا جِس میں سے حضرت علی ابنِ ابی طالب علیہ سلام کو نو حصّے عِلم عطا فرمایا اور پوری دنیا کو صِرف ایک حِصّہ عِلم مِلا اور اُس ایک حصّے سے بھی مولائے ہر جہاں کو حصّہ مِلا۔ میرا محترم قاری بھی کہتا ہو گا کہ نجانے بات کہاں سے کہاں پہنچ گئی بات تو شروع ہوئی تھی ایک ٹیلی ویژن کے اِشتہار سے، اور ہمارا موضوع کچھ اور تھا، جی تو بات کا سلسلہ وہیں سے جوڑتے ہیں اُس بسکٹ کے اِشتہار میں لمبے سے قد و کوٹ اور ٹوپی والا آدمی ساروں کو اپنی بانسری کی دُھن کے پیچھے لے جاتا ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں ایسا حقیقت میں بھی اِن نظروں نے دیکھا جب دھرنوں کی سیاست سامنے آئی جس کے ساتھ احتجاج کے بعض مظاہر بھی دیکھنے میں آئے جنہوں نے معاشرے کے ایک پُرفکر طبقے کو تشویش میں مبتلا کیا۔ تب وہ بسکٹ والے اِشتہار میں نظر آنے والا منظر نظروں کے سامنے گھوم گھوم گیا۔

سچ یہ ہے کہ اس دور کے بعض مناظر آج بھی ذہن میں تازہ ہیں۔ بہت کچھ ایسا تھا جس پر خاموش رہنا آسان نہیں یہ لمحہء فکریہ ہے۔ محترم قاری ان واقعات کو جذبات کے بجائے ایک وسیع تر معاشرتی تناظر میں دیکھنا زیادہ ضروری ہے۔ سچ کہوں تو تب بہت سے رشتے خراب ہوئے، گھر ٹوٹے تھے، باشعور اذہان بھٹکے تھے۔ تب ہماری ہمسائیگی میں ایک ایسا گھر بھی تھا جہاں شوہر خود روزگار سے محروم تھا اور گھر کے اخراجات بڑے حد تک بیوی کی آمدن سے چلتے تھے۔ اس زمانے میں دھرنوں کی کوریج دیکھنے کا شوق (شوہر کو) اس حد تک بڑھا کے گھر کے ضروری معاملات بھی پسِ پشت چلے گئے۔ بیوی لاکھ روتی پیٹتی رہی پر ڈش وغیرہ آ کے رہی۔ وہ عورت بعد میں میرے پاس آ کے گھنٹوں شوہر کیساتھ ہوئے ہنگامے کا رونا روتی رہی۔ بولی باجی مجھے کہتا ہے کہ دھرنوں والا لیڈر آکسفورڈ سے پڑھا ہے بڑا قابل آدمی ہے کیسے نہ دیکھیں، جب میں کہتی ہوں کہ لیڈر پڑھا ہے تو پیروی کرو ناں تُم کیوں چار پاس ہو اب بھی کچھ نہیں بگڑا مزید چار، پانچ جماعتیں پڑھ کر دس بارہ جماعتیں ہی کر لو تو آگے سے مار کُٹائی پہ اُتر آتا، کہتا تُم تو بد ذوق ہو، لو میں بد ذوق ہوں جو گورنمنٹ کی اُستانی ہوں۔ اور یہ کہ عورتوں کو کیا پڑی ہے جو ماری، ماری سڑکوں پہ مردوں کے ساتھ چہروں پہ رنگ پھیرے، پھر رہی ہیں، اِنہیں گھروں میں کوئی کام نہیں۔ اے میرے محترم و باادب قاری وہ دور تو میں بھی نہیں بھولی بہت یاد ہے، یاد رہے گا، کیونکہ تعلیمی ادارہ چلا رہی تھی دِن میں کئی ماؤں سے ملاقات رہتی۔ رنگ برنگی کہانیاں سُننے کو ملتیں۔ ایک شوہر ستائی عورت تو آ کے کہنے لگی کہ اِسلام آباد کہاں اور ہمارا گاؤں کہاں وہاں کی خبریں یہاں آ کے کون دیتا ہے بھلا۔ میرے استفسار پہ بولی باجی میاں کہتا ہے وہاں دھرنے میں نکاح بھی ہو رہے ہیں، میں نے پوچھا نکاح خواں کدھر سے آتے ہیں کہتا ہے تُم نکاح خواں کی بات کرتی ہو وہاں تو زچہ بچہ اور باقی امراض کے علاج کے لئے وقتی ہسپتال کُھل گیا ہے، کھانا پینا سب اعلیٰ۔ باتیں تو بہت ہیں صرف ایک بات پر اپنی آج کی گفتگو کو ختم کرتے ہیں۔ یہی کہ ہم دور پُرفتن میں جی رہے ہیں جس کے بارے میں قرآن پاک میں اللہ فرماتا ہے کہ "اور ڈرو اس فتنے سے جو خصوصیت کے ساتھ صرف گنہگاروں پر ہی نازل نہیں ہوگا" اس حکم نامے کی گہرائی میں جائیں تو ہم پر یہ راز آشکار ہو رہا ہے کہ جس فتنے سے اللہ ڈرا رہا ہے خاص و عام، نیک و بد اس کی زد میں ہوگا۔ دعا ہے اعلیٰ و ارفع پاک رب اگر یہ وہی فتنوں کا زمانہ ہے تو سبحٰن پنجتن پاک علیہم السلام کے اپنی پناہوں میں رکھ۔

آمین ثم آمین

راجہ طاہر اکبر کیانی کا خصوصی ایڈیشن

پوٹھوہار کی دھرتی، مٹی کی پکار اور روشن مستقبل

تحریر: قمر شہزاد مغل

دیارِ غیر کی چکا چوند چھوڑ کر گوجر خان کی مٹی سے جڑنے والے راجہ طاہر اکبر کیانی کی وطن، اقدار، خدمتِ خلق اور نوجوان نسل سے وفا کی داستان

خطۂ پوٹھوہار کی غیور، زرخیز اور باوقار مٹی صدیوں سے ایسی شخصیات کو جنم دیتی آئی ہے جن کی شناخت صرف نام سے نہیں بلکہ کردار، وضع داری، اصول پسندی اور خدمت سے ہوتی ہے۔ راجہ طاہر اکبر کیانی اسی تابناک روایت کا ایک نمایاں حوالہ ہیں؛ ایک ایسی شخصیت جن کے تعارف میں کاروباری کامیابی اپنی جگہ، مگر اصل کشش ان کی عاجزی، انکساری، خلوص اور اپنی مٹی سے بے مثال وابستگی ہے۔ آپ گوجر خان کے معروف و معزز فرزندِ ارجمند راجہ اکبر کیانی کے صاحبزادے ہیں اور ایک ایسے خانوادے سے تعلق رکھتے ہیں جس کی سماجی، کاروباری اور عوامی خدمت کی جڑیں گوجر خان کی دھرتی میں گہری پیوست ہیں۔ اس خاندان نے شرافت، امن، بھائی چارے، دینداری اور ترقی پسند سوچ کو ہمیشہ اپنی پہچان بنایا اور راجہ طاہر اکبر کیانی نے اسی روایت کو اپنے کردار اور عملی زندگی میں آگے بڑھایا۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں کاروباری وسعت، معاشرتی مقام اور وسائل عطا کیے، مگر ان نعمتوں نے ان کے مزاج میں تکبر پیدا نہیں کیا بلکہ ان کی شخصیت میں ایک ایسی سادگی، فروتنی اور وضع داری پیدا کی جو آج کے نمود و نمائش کے دور میں کم ہی دکھائی دیتی ہے۔ کسی مجبور کی ضرورت پوری کرنا، کسی نادار کے گھر تک خاموشی سے مدد پہنچانا، کسی بے کس کے آنسو پونچھنا اور راہِ خدا میں مال خرچ کرنا ان کے لیے تشہیر کا ذریعہ نہیں بلکہ ایک خاموش معمول ہے۔ ان کی سخاوت کا حسن بھی یہی ہے کہ جہاں بہت سے لوگ نیکی کے بعد اس کا چرچا چاہتے ہیں، وہاں راجہ طاہر اکبر کیانی کے ہاں خدمت کا اصل لطف ہی اس خاموشی میں ہے جس میں نہ صلے کی تمنا ہے، نہ ستائش کی طلب اور نہ احسان جتانے کا کوئی شائبہ۔ یہی بے لوثی ان کی شخصیت کو محض ایک کامیاب کاروباری انسان سے بلند کر کے ایک ایسے سماجی کردار میں ڈھالتی ہے جسے لوگ محبت، احترام و اعتماد کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انسان دنیا کے کسی بھی کونے میں جا بسے، اس کے وجود کی اصل جڑیں اسی مٹی میں رہتی ہیں جہاں اس نے اپنی پہلی خوشبو محسوس کی ہو، اپنے لوگوں کے درمیان زندگی کے ابتدائی رنگ دیکھے ہوں اور جہاں اس کے آباؤ اجداد کی یادیں وابستہ ہوں۔ راجہ طاہر اکبر کیانی نے اس حقیقت کو محض محسوس نہیں کیا بلکہ اسے اپنی زندگی کے ایک بڑے فیصلے میں ڈھال دیا۔ وہ ایک طویل عرصے تک اپنی فیملی سمیت یورپ کے جدید، ترقی یافتہ اور پُرآسائش ماحول میں مقیم رہے، وہ معاشرہ جہاں سہولتیں، آسائشیں اور زندگی کے جدید تقاضے بدرجۂ اتم موجود تھے، مگر دل کے کسی گوشے میں گوجر خان کی مٹی کی کشش، اپنے لوگوں کی محبت اور اپنی تہذیبی شناخت کی پکار مسلسل زندہ رہی۔ بالآخر انہوں نے وہ فیصلہ کیا جو آج کے دور میں محض جذبات نہیں بلکہ غیر معمولی حوصلے کا تقاضا کرتا ہے۔ انہوں نے یورپ کی آسائشوں اور چکا چوند کو خیرباد کہا، اپنی فیملی اور بچوں سمیت گوجر خان واپس آئے اور اسی دھرتی کو مستقل مسکن بنا لیا۔ یہ واپسی محض ایک شخص کی وطن واپسی نہیں تھی بلکہ اپنی آنے والی نسلوں کو اپنی جڑوں سے جوڑنے کا ایک شعوری، فکری اور تربیتی فیصلہ تھا۔ ان کے نزدیک اولاد کی کامیابی صرف یہ نہیں کہ وہ دنیا کے ترقی یافتہ معاشروں میں آسائش کے ساتھ زندگی گزارے بلکہ اصل کامیابی یہ ہے کہ وہ اپنی شناخت پہچانے، اپنی تہذیب سے جڑے، اپنے لوگوں کے دکھ سکھ کو سمجھے، اپنی مٹی کی خوشبو سے آشنا ہو اور کل جب عملی زندگی میں قدم رکھے تو اس کے دل میں اپنے وطن اور اپنے شہر کی خدمت کا جذبہ زندہ ہو۔ یہی وجہ ہے کہ راجہ طاہر اکبر کیانی کا گوجر خان واپس آنا محض ایک ہجرت کا الٹ سفر نہیں بلکہ مٹی سے وفا کی ایک ایسی داستان ہے جس میں وطن سے محبت محض تقریر کا لفظ نہیں بلکہ عملی زندگی کا فیصلہ بن کر سامنے آتی ہے۔ ان کی شخصیت کا ایک روشن پہلو دینی اقدار، روحانیت اور اولیائے کرام سے قلبی عقیدت بھی ہے۔ آستانوں اور مقدس زیارات پر حاضری کو وہ اپنے لیے سعادت سمجھتے ہیں اور دینی و ملی اجتماعات میں ان کی شرکت ان کے مذہبی مزاج اور روحانی وابستگی کی عکاس ہے۔ محرم الحرام کے ایام ہوں، 12 ربیع الاول جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کے جلوس و محافل ہوں یا لنگر کا اہتمام، ان کی اور ان کے خاندان کی شرکت مذہبی رواداری، محبت، اخوت اور عقیدت کے اس جذبے کی ترجمان دکھائی دیتی ہے جس میں معاشرے کے مختلف طبقات کو جوڑنے کی صلاحیت موجود ہوتی ہے۔ ان کے لیے دین محض چند رسومات کا نام نہیں بلکہ محبت، خدمت، برداشت، بھائی چارے اور انسان دوستی کا ایک وسیع تصور ہے، یہی وجہ ہے کہ قومی و ملی مواقع پر بھی وہ محض تماشائی نہیں رہتے بلکہ عملی طور پر شریک ہوتے ہیں۔ جشنِ آزادی ہو یا کوئی سماجی و قومی تقریب، ان کی موجودگی اس تعلق کا اظہار کرتی ہے جو ان کے دل کو گوجر خان اور پاکستان کے ساتھ باندھے ہوئے ہے۔ وطن واپسی کے بعد راجہ طاہر اکبر کیانی نے گوجر خان کے کاروباری میدان میں بھی اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کیا۔ ایک کامیاب کاروباری شخصیت کی حیثیت سے انہوں نے نہ صرف اپنے کاروبار کو وسعت دی بلکہ مقامی معاشی سرگرمیوں کے فروغ، روزگار کے مواقع اور کاروباری ماحول میں مثبت کردار ادا کرنے کو بھی اہمیت دی۔ ان کے نزدیک کاروبار صرف ذاتی منفعت کا ذریعہ نہیں بلکہ معاشرے میں معاشی حرکت پیدا کرنے، لوگوں کے لیے روزگار کے دروازے کھولنے اور علاقے کی خوشحالی میں حصہ ڈالنے کا وسیلہ بھی ہے۔ ایمانداری، شفافیت، اعتماد اور محنت ان کے کاروباری مزاج کے نمایاں عناصر ہیں، یہی وجہ ہے کہ گوجر خان کے کاروباری اور سماجی حلقوں میں ان کا نام احترام کے ساتھ لیا جاتا ہے۔ تاہم ان کی شخصیت کا دائرہ صرف کاروبار تک محدود نہیں۔ وہ اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہیں کہ کسی بھی معاشرے کا مستقبل اس کے نوجوانوں کے ہاتھ میں ہوتا ہے اور نوجوان اگر مثبت سرگرمیوں، کھیل، تعلیم اور صحت مند ماحول سے محروم ہو جائیں تو معاشرہ اپنی توانائی کا ایک بڑا حصہ کھو دیتا ہے۔ اسی سوچ کے تحت انہوں نے گوجر خان میں کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے کے لیے عملی سرپرستی کے زیرِ اہتمام منعقد ہونے والے عظیم الشان کیوکشن کراٹے ٹورنامنٹ اسی سوچ کی ایک روشن مثال ہیں۔ کھیل کے میدان میں نوجوانوں کو مواقع فراہم کرنا دراصل انہیں نظم و ضبط، خود اعتمادی، جسمانی صحت، برداشت اور مقابلے کا حوصلہ دیتا ہے، اور یہی وہ اوصاف کاروبار، روزگار اور کھیلوں کے فروغ سے نوجوانوں کے لیے امکانات کی نئی راہیں ہموار

دیارِ غیر کی آسائشیں چھوڑ کر گوجر خان کی مٹی کو ترجیح، نسلوں کو اپنی شناخت سے جوڑنے کا منفرد فیصلہ

عاجزی و انکساری میں بلند مقام، خاموش خدمت اور راہِ خدا میں بے لوث سخاوت شخصیت کا اصل حوالہ

اولیائے کرام سے عقیدت، مذہبی رواداری اور دینی و ملی تقریبات میں بھرپور شرکت روشن فکری کا مظہر

جشنِ آزادی پر پاکستان کی ترقی، سلامتی، قومی تشخص اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کا عہد ہیں جو ایک مضبوط قوم کی بنیاد بنتے ہیں۔ راجہ طاہر اکبر کیانی کا یہ کردار اس بات کی علامت ہے کہ وہ نوجوانوں کو صرف مستقبل کے وارث نہیں بلکہ مستقبل کے معمار سمجھتے ہیں۔ جشنِ آزادی کے موقع پر ان کی زندگی کا سفر ایک ایسے شخص کی کہانی سناتا ہے جس نے دنیا دیکھی، ترقی یافتہ معاشروں کی چمک دمک کو قریب سے محسوس کیا، وہاں زندگی کی آسائشوں کو جانا، مگر آخر کار اپنی مٹی کی آواز کو سب آوازوں پر ترجیح دی۔ ان کا کہنا ہے کہ آزادی ایسی عظیم نعمت ہے جس کی قدر وہ شخص زیادہ جانتا ہے جس نے پردیس کی تنہائی اور دیارِ غیر کی چکا چوند کو قریب سے دیکھا ہو۔ یورپ کی ترقی اپنی جگہ، جدید سہولتیں اپنی جگہ، لیکن اپنی دھرتی کی مٹی میں جو سکون، اپنائیت، روحانی وابستگی اور قلبی طمانیت ملتی ہے، وہ دنیا کے کسی اور کونے میں نہیں مل سکتی۔ وہ اپنے گوجر خان کے عوام اور نوجوانوں کو یہ پیغام دیتے ہیں کہ مایوسی کے اندھیروں کو شکست دے کر پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا حصہ ڈالیں، کیونکہ قوموں کی تقدیر شکووں سے نہیں بلکہ کردار، محنت، دیانت اور مسلسل جدوجہد سے بدلتی ہے۔ انہوں نے اپنے بچوں کو اسی لیے گوجر خان لانے کا فیصلہ کیا کہ وہ اسی دھرتی پر پلیں، یہیں تعلیم حاصل کریں، اپنے لوگوں کو قریب سے دیکھیں اور مستقبل میں پاکستان اور گوجر خان کی خدمت کو اپنی زندگی کا مقصد بنائیں۔ ان کے نزدیک ہماری عزت، ہماری بقا، ہماری شناخت اور ہماری آنے والی نسلوں کا مستقبل پاکستان کے ساتھ وابستہ ہے۔ جشنِ آزادی کے تاریخی موقع پر راجہ طاہر اکبر کیانی کی شخصیت کا یہ پہلو خاص طور پر قابلِ توجہ ہے کہ انہوں نے وطن سے محبت کو محض الفاظ، نعروں یا جذباتی تقریروں تک محدود نہیں رکھا بلکہ اپنی زندگی کے ایک بڑے فیصلے کے ذریعے اسے عملی شکل دی۔ ایک طرف دیارِ غیر کی آسائشیں تھیں اور دوسری طرف اپنی مٹی کی پکار، انہوں نے مٹی کی پکار سنی۔ ایک طرف دنیا کی چکا چوند تھی اور دوسری طرف اپنے لوگوں کی محبت، انہوں نے اپنوں کو ترجیح دی۔ ایک طرف آنے والی نسلوں کے لیے بیرونِ ملک سہولتیں تھیں اور دوسری طرف اپنی شناخت، اپنی تہذیب اور اپنے وطن سے جڑنے کا راستہ؛ انہوں نے اپنی نسلوں کے لیے شناخت کا راستہ منتخب کیا۔ یہی وہ فیصلے ہیں جو کسی شخصیت کو محض کامیاب انسان سے ایک یاد رہ جانے والی شخصیت بنا دیتے ہیں۔ پاکستان کو آج ایسے ہی لوگوں کی ضرورت ہے جو وسائل رکھتے ہوئے خدمت کو ترجیح دیں، کامیابی حاصل کر کے اپنی مٹی کو نہ بھولیں، نوجوانوں کو مواقع دیں، مذہبی و سماجی رواداری کو فروغ دیں اور اپنی آنے والی نسلوں کو اس ملک کے ساتھ جوڑیں۔ راجہ طاہر اکبر کیانی کی داستان اسی عہد کی ایک خوبصورت تصویر ہے، مٹی سے وفا، وطن سے محبت، انسانوں سے خلوص، کاروبار میں دیانت، نوجوانوں سے امید اور خدمت میں خاموشی۔ جشنِ آزادی کے اس موقع پر ان کا پیغام دراصل ایک اجتماعی دعوت ہے کہ قائدِ اعظم محمد علی جناحؒ کے اصولِ اتحاد، ایمان اور تنظیم کو محض کتابوں اور تقریروں تک محدود رکھنے کے بجائے زندگی کا حصہ بنایا جائے، کیونکہ مضبوط پاکستان کا راستہ مضبوط کردار سے نکلتا ہے۔ جب وطن سے محبت عمل بن جائے، خدمت شعار بن جائے، نوجوان امید بن جائیں اور اپنی مٹی سے وفا نسلوں کی تربیت کا حصہ بن جائے تو پھر کوئی قوم اپنے روشن مستقبل سے محروم نہیں رہ سکتی۔ پاکستان زندہ باد، گوجر خان پائندہ باد!

بقیہ 1

کاٹا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈویژنل صدر چوہدری شاہ نواز رانجھا اور ضلعی صدر ڈیف ونگ مہر عبدالسلام نے کہا کہ آزادی نعمت خداوندی ہے اور اس کی قدر وحفاظت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے آج کے دن ہمیں اپنے بزرگوں اور تحریک آزادی کے راہنماؤں اور کارکنوں کو بھی خراج عقیدت پیش کرنا چاہیے جن کی قربانیوں کی بدولت پاکستان ایک آزاد مملکت کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرا انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن نے ہمیشہ ملکی ترقی جمہوریت آئین کی بالادستی اور عوامی خدمت کے لیے تاریخی کردار ادا کیا ہے تقریب میں بابت عبدالرحمٰن سینئر نائب صدر عبداللطیف جنرل سیکرٹری محمد سجاد فنانس سیکرٹری محمد عارف رہنما ڈیف ونگ اسامہ طارق محمد علی محمد اور لیس رمضان احمد شیر وحید احمد توحید محمد سبیح اللہ صدر، بھلوال صداقت ودیگر نے شرکت کی

بقیہ 2

مختلف سرکاری محکموں کے افسران واہلکاران، تعلیمی اداروں کے سربراہان و اساتذہ، طلباء اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ پرچم کشائی، قومی ترانے اور گارڈ آف آنر کے بعد ڈسٹرکٹ پبلک سکول کے طلباء و طالبات نے حسنِ قرأت، نعت اور ملی نغمے پیش کیے۔ اس موقع پر ڈی پی ایس کی ہونہار طالبہ ایمان فاطمہ نے تقریر کی۔ مہمانانِ خصوصی ایم این اے سردار غلام عباس خان اور ایم پی اے مہوش سلطانہ راجہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی ولولہ انگیز قیادت میں ہمارے اسلاف نے دو قومی نظریے کی بنیاد پر انتھک جدوجہد اور لازوال قربانیوں کے نتیجے میں پاکستان حاصل کیا۔ ملک کی بقاء، سلامتی اور استحکام کے لیے آج بھی پوری قوم کو تحریک پاکستان کے جذبے کے ساتھ متحد ہو کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دفاعِ وطن کے لیے پاکستانی قوم پوری طرح متحد ہے اور ہمیں آنے والی نسلوں کو ایک خوشحال، مضبوط اور مستحکم پاکستان دینا ہے۔ نوجوان نسل میں وطن عزیز سے لازوال محبت اور حب الوطنی کا جذبہ اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ استحکام پاکستان کی منزل قائداعظم محمد علی جناح کے افکار ونظریات کے مطابق حاصل کی جاسکے۔ مہمانانِ خصوصی نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے اسلامی ممالک کے درمیان اتحاد، یکجہتی اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے مؤثر کردار ادا کیا ہے، جس سے مسلم امہ میں ایک مثبت اور مضبوط پیغام گیا ہے۔ اسلامی ممالک کے درمیان باہمی اتحاد واتفاق اور مشترکہ لائحہ عمل امتِ مسلمہ کے مفادات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ خطے میں امن، استحکام اور ترقی کے لیے بھی نیک شگون ہے۔ انہوں نے کہا کہ جشنِ آزادی کے موقع پر ہم اس عہد کی تجدید کرتے ہیں کہ پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے شانہ بہ شانہ محنت کریں گے اور اس کی بقاء وسلامتی پر کسی صورت آنچ نہیں آنے دیں گے۔ انہوں نے یوم آزادی کی پروقار تقریب کے شاندار انعقاد پر ڈپٹی کمشنر سارہ حیات اور شکمی انتظامیہ کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ تقریب کے دوران مہمانانِ گرامی نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و اہلکاران میں تعریفی اسناد بھی تقسیم کیں۔ بعدازاں ایم این اے سردار غلام عباس خان، ڈپٹی کمشنر سارہ حیات اور ڈی پی او کاشف ذوالفقار نے پودے لگا کر شجرکاری مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈی سی ایف عامر امتیاز نے بتایا کہ ضلع اور تحصیل کی سطح پر شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس کے تحت جشنِ آزادی کے موقع پر ہزاروں پودے عوام میں تقسیم کیے جا رہے ہیں تاکہ ضلع کو سرسبز وشاداب بنانے کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی تحفظ کو بھی یقینی بنایا جاسکے

بقیہ 3

ڈویژن سینئر احد خان چیمہ کی زیرصدارت ہونے والے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں سامنے آئی جس میں تعمیراتی شعبے سے متعلق ریگولیٹری، انتظامی اور مالیاتی اصلاحات کا جائزہ لیا گیا۔ مجوزہ اصلاحات کے تحت کنسٹرکشن انڈسٹری ڈویلپمنٹ بورڈ کو تعمیراتی صنعت کے فروغ کے ساتھ ساتھ شعبے کے معیار، کنٹریکٹرز اور کنسلٹنٹس کی نگرانی کی ذمہ داری بھی سونپی جائے گی۔ بورڈ میں سرکاری اور نجی شعبے کے نمائندے شامل ہوں گے تاکہ ملک بھر میں تعمیراتی معیار بہتر بنانے کیلئے ایک مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کیا جاسکے۔ سینئر احد چیمہ نے کہا کہ وفاقی حکومت اور کنسٹرکشن ایسوسی ایشن آف پاکستان تعمیراتی شعبے کیلئے ایسے ادارے کے قیام کی ضرورت پر مکمل طور پر متفق ہیں۔ بورڈ کا مجوزہ فریم ورک حتمی منظوری کیلئے وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کیا جائے گا۔ حکومت نے سرکاری ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی نقائص کی ذمہ داری کے مقررہ دورانیے میں بھی اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ عوامی ترقیاتی منصوبوں کے لیے موجودہ ایک سالہ ڈی ایل پی کو جلد بڑھا کر 3 سال کیا جائیگا، جبکہ مستقبل میں اسے 5 سال تک لے جانے کے لیے روڈ میپ بھی تیار کیا جائے گا۔ اجلاس میں تعمیراتی منصوبوں کے کنسلٹنٹس کے احتساب سے متعلق موجودہ قانونی خلاء پر بھی غور کیا گیا۔ سینئر احد چیمہ نے نشاندہی کی کہ اس وقت ناقص کارکردگی یا معاہدے کی خلاف ورزی پر کنٹریکٹرز کے خلاف کارروائی کا طریقہ کار موجود ہے تاہم کنسلٹنٹس کے لیے اسی نوعیت کا موثر قانونی احتسابی نظام موجود نہیں۔ مجوزہ کنسٹرکشن انڈسٹری ڈویلپمنٹ بورڈ کے تحت کنسلٹنٹس کو بھی براہ راست ریگولیٹری نگرانی میں لانے کی تجویز ہے جس کے نتیجے میں ڈیزائن میں خامیوں اور تکنیکی غلطیوں پر انہیں قانونی اور مالی طور پر جواب دہ بنایا جاسکے گا۔ کنسٹرکشن ایسوسی ایشن آف پاکستان کے نمائندوں نے بھی اس تجویز کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ بہتر ڈیزائن اور عوامی سرمایہ کاری کے تحفظ کیلئے کنسلٹنٹس کا موثر احتساب ضروری ہے۔ اجلاس میں تعمیراتی کمپنیوں کو مالی اور پرفارمنس گارنٹیز کے حصول میں درپیش مشکلات اور خصوصی کنسٹرکشن ڈویلپمنٹ بینک کے قیام کی تجویز بھی زیر بحث آئی۔ خصوصی تعمیراتی بینک کے قیام کی تجویز پر اسٹیٹ بینک اور پاکستان ایسوسی ایشن کی رائے حاصل کرنے کے بعد اس کی مالی استعداد اور فزیبلٹی کا جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ 4

کی بھاری نفری موقع پر پہنچی، علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا۔

بقیہ 5

ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر صحت، خزانہ اور سی ای او ڈریپ (آج) پیر کو ملاقات متوقع ہے اس اہم ملاقات میں ہارڈ شپ کیسز، 52 نئی ادویات قیمتوں پر بریفنگ دی جائیگی۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ حکام کا وزیراعظم سے ملاقات کا مقصد 52 ادویات، ہارڈ شپ کیسز پر حمایت حاصل کرنا ہے۔ جن امراض کی نئی دواوں کی منظوری دی گئی ہے، ان میں کینسر، شوگر، ہیموفیلیا، آٹو ایمیون ڈس آرڈر، انتہائی نگہداشت، سگین انفیکشن، امراض خون، ہنگامی علاج میں استعمال کی ادویات شامل کی ادویات شامل ہیں۔ ڈریپ پالیسی بورڈ، پرائسنگ کمیٹی 52 نئی ادویات کی منظوری دے چکی ہے جبکہ کینسٹ ڈرگ پرائسنگ کمیٹی نے 24 جولائی کو 52 نئی ادویات کی منظوری دی تھی۔ ذرائع کے مطابق کابینہ پرائسنگ کمیٹی، ڈریپ نئی ادویات کی زیادہ سے زیادہ قیمت کا تعین بھی کر چکی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ مختلف امراض کی 100 کے قریب ادویات کے ہارڈ شپ کیسز زیرالتوا ہیں۔ کابینہ سے منظوری پر ڈریپ نئی ادویات کا نوٹیفکیشن جاری کرے گی۔

بقیہ 6

بھر اور بیرونِ ملک سے آنے والے لاکھوں زائرینِ کو مزارِ اقدس پر حاضری کے دوران جدید، باوقار، محفوظ اور تمام ضروری سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار حضرت علی ہجویری المعروف حضرت داتا گنج بخش کے مزارِ اقدس اور ملحقہ علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، معیار اور پیش رفت کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا کہ حکومت پنجاب عقیدت مندوں اور زائرین کی سہولت کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے اور داتا دربار کو ایک مثالی و جدید زیارت گاہ بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، جہاں آنے والے زائرین کو روحانی سکون کے ساتھ بہتر سفری، رہائشی، صفائی، سکیورٹی، آمدورفت اور دیگر بنیادی سہولیات بھی میسر ہوں گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں میں رفتار کے ساتھ معیار کو بھی ہر صورت یقینی بنایا جائے اور زائرین کی سہولت میں کسی قسم کی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر چیف انجینئر عبیپاک محمد ندیم، سینئر آرکیٹیکٹ عبیپاک علی جان، پروجیکٹ ڈائریکٹر ٹیلیا محمد اسد، ایسیٹن سی ایند ڈبلیو قہد تولید، ڈائریکٹر پروجیکٹس اوقاف رفیق نورونو، ایڈمنسٹریٹر محمد علی خان، مینیجر گوہر مصطفیٰ، ایس ڈی او الیکٹریکل رانا زوہیب اور دیگر موجود تھے۔ اس موقع پر مزارِ اقدس پر حاضری دی، چادر پوشی اور فاتحہ خوانی کی اور ملک وقوم کی ترقی، سلامتی، امن واستحکام اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں مانگیں۔ بعدازاں سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ نے شرقپور شریف کا اہم دورہ کیا، جہاں گزشتہ روز سے جاری سالانہ عرس مبارک کی تقریبات کے سلسلے میں مزارِ شریف پر حاضری دی، عقیدت و احترام کے ساتھ چادر چڑھائی اور خصوصی دعائیں کیں۔ اس موقع پر سجادہ نشین شرقپور شریف، ڈائریکٹر پروجیکٹس رفیق نور وٹو، ایڈمنسٹریٹر رانا احسان، مینیجر اوقاف اور دیگر متعلقہ عملہ بھی موجود تھا۔

بقیہ 7

ضلع کی تمام تحصیلوں میں گداگروں کے خلاف کاروائی متعدد گداگر گرفتار کرلیا گیا۔ گداگری ایک مافیا بن چکا ہے۔ پہلی بار گداگروں کے ساتھ انکے سہولت کاروں کے خلاف بھی عمل میں لائی جارہی ہے۔

بقیہ 8

2 گاڑیاں بھی ملی ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مکمل تباہ کر دیا ہے، دہشت گرد بھتہ خوری، اغوا، ٹارگٹ کلنگ، خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث تھے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ دریں اثنا وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے خاران میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 7 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کی تعریف کی ہے۔ محسن نقوی نے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف برسرِ پیکار بہادر سپوت ہمارا فخر ہیں۔

بقیہ 9

گئی جس نے زخمیوں کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا۔ زخمیوں میں عامر، اسد، حمزہ، دانش اور امتیاز وغیرہ شامل ہیں۔ پولیس کی مدعیت میں نامعلوم موٹر سائیکل سوار کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے جبکہ ملزم کو سی سی ٹی وی کیمروں اور دیگر ذرائع کی مدد سے ٹریس کیا جارہا ہے۔

بقیہ 10

بلال کی گردن کاٹ دی۔ پولیس کے مطابق مقتول بلال نائب تحصیلدار محمد صفدر بھٹی اور مدثر طفیل بھٹی ایڈووکیٹ کے ماموں تھے۔ تھانہ سٹی نے مقتول کے بھانجے محمد معاذ کی درخواست پر خاتون سمیت 5 نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔

بقیہ 11

ویتنام، انڈونیشیا اور چین کے شہریوں کی ہے، جن میں سے بیشتر سیاحتی یا وزٹ ویزوں پر پاکستان آئے تھے۔ تمام 284 غیرملکیوں کو 15 روز کے اندر پاکستان سے واپس بھیج دیا جائے گا۔ ملک بدری کے بعد ان افراد کے نام بلیک لسٹ اور فارنرز کنٹرول لسٹ میں شامل کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق ملک بدر کیے جانے والے غیرملکیوں کو مستقبل میں دوبارہ پاکستانی ویزا جاری نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 12

ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ کوٹ مومن کے علاقہ میں مبینہ طور پر غیرت کے نام پر 18 سالہ دوشیزہ کو قتل کردیا گیا جو ملزم کی ماموں زاد اور منگیتر بتلائی جارہی ہے پولیس نے مقتولہ کی نعش پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کردی اور موقع پر پہنچ کر مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 13

گئی نومولود بچی برآمد ہوئی۔ اہل علاقہ کی اطلاع پر ریسکیو 1122 نے موقع پر پہنچ کر بچی کو بحفاظت ریسکیو کرلیا اور نومولود بچی کا معائنہ کیا تو وہ ہوش میں تھی اور اس کی سانس معمول کے مطابق چل رہی تھی۔ ریسکیو اہلکاروں نے نومولود بچی کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد گاؤں لکھنور کے رہائشی محمد ظہیر اکبر نے بچی کو قانونی طریق کار کے تحت گود لے لیا۔ بعدازاں بچی کو مزید طبی معائنے اور ضروری نگہداشت کے لیے ریسکیو اہلکاروں نے محمد ظہیر کے ہمراہ ٹی ایچ کیو ہسپتال شکرگڑھ منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 14

کی 15 سالہ بہن شدید زخمی ہوگئیں۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق 28 سالہ شمو عرف عائشہ گیلامنہ اپنی بہن کے ہمراہ ٹیکسلا سے راولپنڈی جا رہی تھیں کہ ٹیکسلا بائی پاس کے قریب موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے ان کی گاڑی کو نشانہ بنایا، فائرنگ کے نتیجے میں عائشہ گیلامنہ کو گولیاں لگیں اور وہ موقع پر ہی دم توڑ گئیں۔ واقعے میں مقتولہ کی 15 سالہ بہن بھی شدید زخمی ہوئیں، جنہیں فوری طبی امداد کیلئے پمز ہسپتال اسلام آباد منتقل کر دیا گیا، عائشہ گیلامنہ سوشل میڈیا پر اپنی ویڈیوز کے باعث تیزی سے مقبول ہوئی تھیں اور ٹک ٹاک سے آمدن بھی حاصل کرتی تھیں۔ واقعے کے بعد پولیس نے تحقیقات شروع کر دی ہیں جبکہ فائرنگ میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے کوششیں جاری ہیں، قتل کی وجوہات تاحال معلوم نہیں ہوسکیں۔

بقیہ 15

ای میں اپنا طبی معائنہ کرایا، دبئی میں ڈاکٹرز نے قمر جاوید باجوہ کا تفصیلی طبی معائنہ کیا۔ ذرائع کے مطابق قمر جاوید باجوہ کی طبیعت بہتر ہے، کچھ ٹیسٹ کے نتائج آنا باقی ہیں، چیک اپ اور ڈاکٹروں کی ہدایات کے بعد قمر باجوہ واپسی کا فیصلہ کریں گے۔ قمر جاوید باجوہ کچھ دن متحدہ عرب امارات میں بیٹے کے پاس قیام کریں گے، جنرل ریٹائرڈ قمر باجوہ ساڑھے چار ماہ قبل گھر میں وضو کے دوران گر گئے تھے۔ یاد رہے رواں سال فروری میں پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) نے پاک فوج کے سابق آرمی چیف جنرل ریٹائرڈ قمر جاوید باجوہ کے زیرِ علاج ہونے کی تصدیق کی تھی۔

بقیہ 16

اٹک اور گرد ونواح کے لیے الیکٹروبس سروس کی فراہمی پر عوام کے مثبت ردعمل سے بھی وزیراعلیٰ کو آگاہ کیا۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے کہا کہ خواتین، طلبہ اور بزرگوں کے لیے مفت سفری سہولت خوش کیے اور اسے زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کے لیے شیئر کیا۔ اس سے قبل شاہد آفریدی نے میکس کے لاپتہ ہونے کی اطلاع دیتے ہوئے بتایا تھا کہ وہ ان کے خاندان کے ایک فرد کی طرح ہے۔ ان کے مطابق میکس صرف 30 دن کی عمر میں شدید بیماری سے بچا تھا اور اس کے بعد خاندان نے اسے بہت محبت سے پالا۔

بقیہ 49

متوقع ہے۔ ترجمان کے مطابق قصور، اوکاڑہ، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، سرگودھا، خوشاب، میانوالی اور نور پور تھل میں بارش متوقع ہے، فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، لیہ، بھکر، ساہیوال، پاکپتن، بہاولنگر، بہاولپور اور ڈی جی خان میں 20 اور 21 اگست کو بارش کا امکان ہے۔ راولپنڈی، گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ اور لاہور کے تکنیکی علاقوں میں شدید بارشوں کے باعث اربن فلڈنگ کا خدشہ ہے، مری گلیات اور پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔

بقیہ 50

کئے ہیں، اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اتوار کے روز بھی فیلڈ میں متحرک رہتے ہوئے ضلع بھر کے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کیا، اس موقع پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی، ان کے فرائض کی انجام دہی کا جائزہ لیا اور سیکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں، انہوں نے گرجا گھروں کے داخلی وخارجی راستوں، پارکنگ ایریاز اور اردگرد کے علاقوں میں تعینات نفری سمیت مجموعی سیکیورٹی پلان کا معائنہ کیا، ایس ایس پی آپریشنز نے گرجا گھروں کی انتظامیہ سے ملاقات کے دوران کہا کہ اسلام آباد پولیس بلاتفریق تمام مذاہب کے ماننے والوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر وقت سرگرم عمل ہے، انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ پولیس اسٹیشن یا پولیس ہیلپ "لائن پکار-15" پر دیں، انہوں نے کہا کہ پولیس اور عوام کے درمیان تعاون ہی امن و امان کے قیام کی بنیاد ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس اپنے فرائض قومی جذبے، فرض شناسی اور اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ انجام دے رہی ہے تاکہ وفاقی دارالحکومت میں محفوظ اور پُرامن ماحول کو برقرار رکھا جاسکے، آخر میں انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 51

شناخت فریحہ، سکنہ فیصل آباد کے نام سے ہوئی ہے۔ اطلاع ملنے پر مقامی پولیس اور ڈی ایس پی پیر محل موقع پر پہنچ گئے اور واقعے کی تفصیلات کا جائزہ لیا۔ بچی کی نعش ضروری کارروائی کے لیے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال (THQ) پیر محل منتقل کردی گئی ورثاء نے کسی قسم کی قانونی کارروائی کروانے سے انکار کردیا

بقیہ 52

گئے جب کہ جولائی 2025 میں فروخت کا حجم ایک لاکھ 24 ہزار 538 یونٹس رہا تھا۔ اس طرح جولائی 2025 کے مقابلہ میں جولائی 2026 کے دوران موٹر سائیکلز اور تھری وہیلرز کی فروخت میں 47,878 یونٹس یعنی 38 فیصد سے زیادہ کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ 53

وزیر داخلہ نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک ضرور پہنچایا جائے گا اور امن دشمن عناصر کے مذموم عزائم کامیاب نہیں ہونے دیے جائیں گے۔

بقیہ 54

انداز میں پیروی کی، جس سے عدالت نے اتفاق کرتے ہوئے ضمانت قبل از گرفتاری منظور کرلی۔ مقدمہ کے مطابق مدعی نے الزام عائد کیا تھا کہ ملزم نے اس سے 12 لاکھ روپے حاصل کیے، تاہم مقررہ وقت پر رقم ادا نہ کی، جس پر تھانہ گوجر خان میں چیک ڈس آنر کے الزام کے تحت مقدمہ درج کرایا گیا۔ عدالت کی جانب سے ضمانت کی منظوری مقدمہ کے حتمی فیصلے کے مترادف نہیں، جبکہ مقدمہ کی مزید کارروائی قانون کے مطابق جاری رہے گی۔

بقیہ 55

کمیٹی کے 89 اجلاس منعقد کیے گئے۔ ڈینگی ٹیموں نے اب تک 39 لاکھ 17 ہزار 473 گھروں کا دورہ کیا، جن میں سے 74 ہزار 392 گھروں سے لاروا برآمد ہوا۔ ڈینگی ٹیموں نے 13 لاکھ 38 ہزار 647 اوپن سپاٹس کا بھی معائنہ کیا، جہاں 13 ہزار 16 مقامات ڈینگی پازیٹو نکلے، مجموعی طور پر 87 ہزار 408 مقامات سے ملنے والا لاروا تلف کردیا گیا۔ ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر کارروائی کرتے ہوئے 1670 ایف آئی آرز درج، 440 عمارتیں سیل اور 1565 چالان کیے گئے جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں پر 19 لاکھ 74 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔

جنرل اختر عبدالرحمٰن شہید کی 38ویں برسی (آج) عقیدت و احترام سے منائی جائے گی

لاہور (این این آئی) جنرل اختر عبدالرحمٰن خان شہید کی 38ویں برسی آج (پیر) 17 اگست کو عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی۔ رپورٹ کے مطابق جنرل اختر عبدالرحمٰن شہید (88-1924) پاکستان کی پوری تاریخ میں وہ واحد جنرل ہیں جنہوں نے بغیر کسی سیاسی عہدے کے صرف اور صرف اپنی فوجی قابلیت اور جنگی مہارت کے بل پر عالمی سطح پر دیومالائی شہرت حاصل کی۔ سوویت یونین کے خلاف جنگ افغانستان 1988 - 1979) میں ان کی محیر العقول فوجی کامیابی نے سوویت یونین کا شیرازہ بکھیر کے رکھ دیا بلکہ اس کے نتیجہ میں اس کے زیر نگیں پندرہ ریاستوں کو آزادی نصیب ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق دوسری عالمی جنگ کے بعد پہلی مرتبہ یہ دیکھنے میں آیا کہ کسی جنگ کے بعد دنیا میں اس طرح حریت فکر اور قومی آزادی کی لہر چل پڑی ہو۔ سوویت یونین کے خلاف جنرل اختر عبدالرحمٰن شہید کے اس کامیاب جنگی آپریشن کی اسی سیاسی، عسکری اور سٹریٹجک اہمیت کی بنا پر عالمی عسکری اداروں میں آج اسے نوجوان فوجی افسروں کو ٹیکسٹ بک ملٹری آپریشن کے طور پر پڑھایا اور سمجھایا جاتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق جنرل اختر عبدالرحمٰن شہید کی زندگی حقیقتاً شروع ہی سے مصائب کا مقابلہ کرتے اور پیہم جدوجہد کرنے سے عبارت رہی ہے۔ ان کا خاندان پٹھان تھا اور ان کے آباؤ اجداد افغانستان سے آئے تھے۔ ان کی پیدائش پشاور میں ہوئی اور یہی اپنی ماں کے زیر سایہ انہوں نے ہوش سنبھالا، چونکہ ابھی ان کی عمر صرف چار برس تھی کہ ان کے سر سے باپ کا مہربان سایہ اٹھ گیا تھا۔ وہ ماں باپ کے اکلوتے بیٹے تھے، باپ کی وفات کے بعد ماں کا واحد سہارا تھے، باوجود اس کے 1946 میں ایم اے اکنامکس کرنے کے بعد جب انہوں نے فوج میں کمیشن حاصل کا فیصلہ کیا تو بہادر ماں نے اپنے بیٹے کا بھرپور ساتھ دیا۔

بقیہ 28

گئی۔ حادثے کے نتیجے میں 9 سالہ ولید خان ملبے تلے دب گیا اور موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے بچے کی لاش کو نکال کر ٹی ایچ کیو ہسپتال درگئی منتقل کردیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق حالیہ بارشوں کے دوران کچے مکانات میں رہائش پذیر افراد احتیاطی تدابیر اختیار کریں تاکہ ایسے افسوسناک واقعات سے بچا جاسکے۔

بقیہ 21

باعث اس کی 5 سالہ بیٹی سحر والدین سے بچھڑ گئی۔ بچی کے اغواء سے متعلق 15 پر کال موصول ہونے کے بعد مقدمہ درج کرکے تلاش شروع کی گئی۔ پولیس کے مطابق سی سی ٹی وی فوٹیج میں بچی کو ہسپتال سے باہر جاتے ہوئے دیکھا گیا جس کی مدد سے پولیس نے اس کا سراغ لگایا۔ ایس پی اسد علی کے مطابق بچی کو سی بی ڈی پنجاب سے تلاش کرکے بحفاظت والدین کے حوالے کردیا گیا۔

بقیہ 22

تحصیل آفس قصور کے ریڈر محسن سلامت نے تھانہ بی ڈویژن قصور میں درخواست دی کہ مقدمہ محسن علی وغیرہ بنام مراتب علی وغیرہ عدالت میں زیرِ سماعت ہے۔ 15 اگست کو مذکورہ مقدمہ حکم کے لیے مقرر تھا، جس پر وکیل ملک احسن کھوکھر ایڈووکیٹ عدالت میں حاضر ہوا اور مقدمے کی مکمل ملاحظہ کرنے کے لیے طلب کی۔ درخواست گزار کے مطابق وکیل کو مکمل ملاحظے کے لیے دی گئی، تاہم وہ مثل دیکھتے ہوئے اچانک کمرہ عدالت سے مبینہ طور پر بھاگ گیا۔ تعاقب کرنے کے باوجود وکیل ہاتھ نہ آیا۔ درخواست گزار کا کہنا ہے کہ وکیل کو متعدد مرتبہ فون کیا گیا، تاہم اس نے کالز کا جواب دینے کے بجائے اپنا موبائل نمبر بند کردیا۔ ریڈر محسن سلامت نے الزام عائد کیا کہ وکیل نے دھوکہ دہی سے سرکاری مثل حاصل کرکے مبینہ طور پر چوری کی اور کارسرکار میں مداخلت کی، لہٰذا اس کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ پولیس نے درخواست کی بنیاد پر بادی النظر میں جرم بنتا پاتے ہوئے دفعہ 379 اور 420 ت پ کے تحت مقدمہ نمبر 1126/26 درج کرلیا۔ مقدمے کی تفتیش محمد شکیل 578/HC کے سپرد کردی گئی ہے، جبکہ متعلقہ ایس ایچ او کو بھی مقدمے سے آگاہ کردیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے اور ملزم کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 23

کے مطابق ہلاک ہونے والی بھینسوں کی مالیت ایک کروڑ روپے سے زیادہ ہے، سیم نالے کی صفائی نہ ہونے سے بھینسیں دلدل میں پھنسیں۔ زمیندار نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے ہلاک بھینسوں کے نقصان کا معاوضہ ادا کرنے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 24

خلاف سخت کارروائی کا حکم دے دیا ہے۔ سی ٹی او کے مطابق سوشل میڈیا پر موصول ہونے والی ویڈیوز کی بنیاد پر بھی ذمہ دار افراد کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔ ٹریفک پولیس کے مطابق زگ زیگ ڈرائیونگ، روڈ بلاکنگ اور سڑکوں پر خطرناک کرتب دکھانے والوں کے خلاف مقدمات درج کیے جا رہے ہیں۔ ویڈیوز کی مدد سے ملزمان کی شناخت کرکے گرفتاریاں بھی عمل میں لائی جائیں گی۔ لاہور ٹریفک پولیس کی جانب سے مختلف واقعات میں 3 مقدمات درج کرلیے گئے ہیں۔ مقدمات تھانہ فیکٹری ایریا، تھانہ نارتھ کینٹ اور تھانہ سبزہ زار میں درج کروائے گئے۔ سی ٹی او لاہور نے کہا کہ شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والی ڈرائیونگ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ 25

مہیا کرے گا تاکہ وہ علم کے تبادلے، علمی تعاون اور مستند اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تعلیمی وسماجی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔ فورم کا موضوع ''ورثے کی عزت، مستقبل کی تعمیر'' رکھا گیا ہے۔ اس کا مقصد اسلامی تاریخ میں خواتین اسکالرز کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے موجودہ دور کی عالمات کو جدید چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تیار کرنا ہے۔ اس موقع پر دارالتزکیہ کی سی ای او ارشدہ اعجاز نے کہا کہ ہمارا مشن مسلم خواتین اسکالرز کی پائیدار میراث کو آج کی دنیا کی ضرورتوں سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ ایک ممتاز نیٹ ورک کے ذریعے ہم خواتین کے اسلامی فقہ، اخلاقیات، تعلیم اور سماجی قیادت میں کردار کو اجاگر کریں گے۔ پاکستان فورم آف ویمن اسلامک اسکالرز کی بانی کنوینر اور دارالتزکیہ کی ڈائریکٹر ڈاکٹر قرۃ العین علی نے کہا کہ اسلامی تاریخ میں خواتین نے ہمیشہ علم کے تحفظ اور ترسیل میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان فورم آف ویمن اسلامک اسکالرز کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہماری دعا ہے کہ یہ فورم ملک بھر میں اتحاد، علم اور خدمت کا ذریعہ بنے اور نئی نسل کی عالمات کو حکمت اور شفقت کے ساتھ قوم کی رہنمائی کا موقع ملے۔ پاکستان فورم آف ویمن اسلامک اسکالرز کے پلیٹ فارم سے مستقبل میں کانفرنسز، ورکشاپس اور تحقیقی منصوبے بھی شروع کیے جائیں گے۔

بقیہ 26

انہوں نے کہا کہ سلائی سمیت مختلف فنی مہارتیں خواتین کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانے میں بھی معاون ثابت ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام نے خواتین کو عزت، وقار اور بنیادی حقوق دیے ہیں، جبکہ اسلامی تاریخ میں حضرت خدیجہ جیسی عظیم خواتین ہمارے لیے روشن مثال ہیں، جو کامیاب کاروباری شخصیت بھی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی تعلیم، تربیت اور معاشی خودمختاری ہماری دینی اور معاشرتی اقدار کے عین مطابق ہے۔ شفقت عباس نے تربیت مکمل کرنے والی بچیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے ہنر کو صرف ایک کورس تک محدود نہ رکھیں بلکہ اسے باعزت روزگار اور کاروبار کا ذریعہ بنائیں۔ خواتین گھر سے کام شروع کرکے نہ صرف اپنے خاندان کا سہارا بن سکتی ہیں بلکہ مستقبل میں دیگر خواتین کے لیے بھی روزگار کے مواقع پیدا کرسکتی ہیں۔ انہوں نے خلوص ویلفیئر سوسائٹی ٹرسٹ کی انتظ

ڈی سی چکوال، اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ اور اعلیٰ حکام فوری نوٹس لیں

'صاف ستھرا پنجاب شہر سے باہر نکلنے کو تیار نہیں؟ صفائی کا عمل زیادہ تر شہر کی مرکزی حدود تک محدود دکھائی دیتا ہے

کٹاس روڈ، ٹول پلازہ اور محلہ فیضانِ مدینہ میں بھنگ اور جنگلی جھاڑیاں، مشینری و وسائل کی فراہمی کے باوجود صفائی کا نظام سوالیہ نشان بن گیا

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے صاف ستھرا پنجاب کے تحت فراہم کردہ وسائل اور مشینری کے باوجود تحصیل چوآسیدن شاہ میں صفائی کے انتظامات پر شہریوں اور سماجی حلقوں نے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے فوری اعلیٰ سطحی نوٹس کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کے مطابق صفائی کا عمل زیادہ تر شہر کی مرکزی حدود تک محدود دکھائی دیتا ہے، جبکہ کٹاس روڈ نزد ٹول پلازہ، محلہ فیضانِ مدینہ سمیت متعدد مقامات پر بھنگ کے قد آور پودوں اور جنگلی جھاڑیوں نے صفائی کے دعووں کی قلعی کھول دی ہے۔ دوسری جانب کچرا ڈمپنگ پوائنٹ کے حوالے سے بھی سنگین سوالات اٹھائے جا رہے ہیں، جہاں مقامی ذرائع کے مطابق کچرے کا وزن (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: قائمقام صدر آزاد جموں و کشمیر چوہدری لطیف اکبر سے وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر فصل ممتاز راٹھور ایوان صدر کشمیر ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں

سوشل ویلفیئر کمیٹی ضلع کشمور کا اہم اجلاس

ترقیاتی اسکیموں کا جائزہ، صحت و تعلیم پر خصوصی توجہ دینے پر زور

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ: ممبر قومی اسمبلی اور چیئرمین سوشل ویلفیئر کمیٹی ضلع کشمور سردار علی جان مزاری کی زیرِ صدارت ڈپٹی کمشنر آفس کشمور ایٹ کندھکوٹ کے کمیٹی روم میں سوشل ویلفیئر کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں سوشل ویلفیئر کے تحت جاری اور مکمل ہونے والی ترقیاتی اسکیموں، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں سہولیات (بقیہ نمبر 39)

اے ایس پی نیوٹاؤن کا تھانہ نیوٹاؤن اور صادق آباد کا دورہ

شہریوں کی درخواستوں پر ای ٹیگ لگا کر فوری کارروائی کو یقینی بنائیں

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) اے ایس پی نیوٹاؤن دانیال خان کا تھانہ نیوٹاؤن اور صادق آباد کا دورہ، تھانوں کے فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ، حوالات اور بلڈنگز سمیت تمام متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا، شہریوں کی درخواستوں پر ای ٹیگ لگا کر فوری کارروائی کو یقینی بنائیں، شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو یقینی بنایا جائے، تھانہ پولیسنگ کا بنیادی یونٹ ہے، تھانے کی سطح پر شہریوں کے مسائل کا حل اہم ہے، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ (بقیہ نمبر 40)

اے ایس پی نیوٹاؤن دانیال خان کا تھانہ نیوٹاؤن کا ریکارڈ چیک کر رہے ہیں

ضلع چکوال میں سیکنڈ ایئر کی کتب کی عدم دستیابی

ایف اے اور ایف ایس سی سیکنڈ ایئر کی درسی کتب مارکیٹ میں دستیاب نہ ہونے سے طلبہ کا قیمتی وقت ضائع ہو رہا ہے

پورے پنجاب سمیت ضلع چکوال، تحصیل چوآسیدن شاہ میں سیکنڈ ایئر کی کتب نایاب، طلبہ کی تعلیمی کارکردگی متاثر ہونے کا خدشہ

بروقت کتابوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے، پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، محکمہ تعلیم اور متعلقہ حکام سے فوری اقدامات کا مطالبہ

چکوال (خاور شہزاد) ایف اے اور ایف ایس سی سیکنڈ ایئر کی درسی کتب بروقت مارکیٹ میں دستیاب نہ ہونے کا معاملہ طلبہ، والدین اور تعلیمی حلقوں کے لیے باعثِ تشویش بن گیا ہے۔ پنجاب بھر کے مختلف علاقوں کی طرح ضلع چکوال، بالخصوص تحصیل چوآسیدن (بقیہ نمبر 46)

بری امام عرس کے موقع پر فول پروف سکیورٹی انتظامات

دورانِ ڈیوٹی مشکوک افراد اور جرائم پیشہ عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے

اسلام آباد (این این آئی) بری امام عرس کے موقع پر اسلام آباد پولیس کی جانب سے فول پروف سکیورٹی انتظامات کئے گئے، ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے بری امام کا دورہ کر کے افسران و جوانوں کو موثر ڈیوٹی اور شہریوں کی سہولت کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی (بقیہ نمبر 29)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کا بری امام کا دورہ، افسران و جوانوں کو موثر ڈیوٹی اور شہریوں کی سہولت کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کئے

14 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے 2 افراد گرفتار

ٹیکسلا (نمائندہ عوامی للکار) ٹیکسلا پولیس کی بروقت کارروائی، 14 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے 2 افراد گرفتار، زیر حراست افراد نے میرے بیٹے سے زیادتی کی اور ویڈیو بنائی، مدعی مقدمہ، ٹیکسلا پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا، متاثرہ لڑکے کا میڈیکل پراسس کروایا گیا ہے، ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی نے کا کہنا ہے کہ زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، خواتین اور بچوں سے ہراسمنٹ یا زیادتی ناقابل برداشت ہیں۔

وزیراعلیٰ پنجاب کا خاران میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر اظہار تشکر

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے خاران میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر اظہار تشکر کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ آپریشن ردالفتنہ 3 میں بروقت کارروائی کر کے 7 دہشتگرد ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز قابل تحسین ہیں۔

سرگودھا، محنت کش خاتون پر تشدد، 9 افراد پر مقدمہ درج

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں محنت کش خاتون پر تشدد کے واقعے کا مقدمہ 9 مسلح افراد کے خلاف درج کر لیا گیا۔ متاثرہ خاتون کے مطابق ملزمان نے پرانی رنجش پر حملہ کیا۔ پولیس حکام کے مطابق چیخ و پکار پر اہل خانہ پہنچے تو ملزمان ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے۔ پولیس نے مقدمہ درج کرنے کے بعد ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

لاہور کے مختلف علاقوں میں تین افراد جاں بحق ہو گئے

باغبانپورہ کے علاقے میں 65 سالہ شخص حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کر گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے مختلف علاقوں میں تین افراد جاں بحق ہو گئے۔ باغبانپورہ کے علاقے میں 65 سالہ شخص حرکت قلب بند ہونے کے باعث انتقال کر گیا جس کی شناخت 65 سالہ محمد اسلم ولد خوشی محمد کے نام سے ہوئی ہے (بقیہ نمبر 30)

لیسکو کی قصور سرکل میں بجلی چوری، نادہندگان کیخلاف بھرپور کارروائیاں

25 افراد گرفتار، 15 لاکھ 70 ہزار روپے کی موقع پر ریکوری کی گئی، ترجمان

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی قصور سرکل میں بجلی چوری اور نادہندگان کے خلاف بھرپور کارروائیاں کی گئیں اور اس دوران 25 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ایس ای قصور احمد شہزاد چغتائی کی نگرانی میں پھول نگر، چونیاں اور رورل ڈویژن کے مختلف علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف آپریشن کیا گیا۔ کارروائیوں (بقیہ نمبر 31)

مانسہرہ پریس کلب کے صدر شہزاد جہانگیری اور ان کی پوری ٹیم کی یوم آزادی پاکستان کے موقع پر یادگار تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

مانسہرہ پریس کلب کی یوم آزادی کی شاندار تقریب

شاہنواز خان کے اعزاز میں پگڑی، شیلڈ اور خصوصی عشائیہ، چیئرمین شاہنواز خان کے آبائی گاؤں میں پرتکلف استقبالیہ

مانسہرہ پریس کلب میں پروقار تقریب، قومی یکجہتی، صحافتی اقدار اور حب الوطنی کے جذبے کو بھرپور خراج تحسین

مانسہرہ (نمائندہ عوامی للکار) مانسہرہ پریس کلب کے صدر شہزاد جہانگیری اور ان کی پوری ٹیم کی جانب سے 14 اگست، یوم آزادی پاکستان کے موقع پر ایک نہایت پروقار، شاندار اور یادگار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلعی انتظامیہ، پولیس، سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات، انجمنِ تاجران ہزارہ کے صدر شکیل اعوان، انجمنِ تاجران مانسہرہ کے صدر وسیم، سینئر صحافیوں، طلبہ، سول سوسائٹی اور مختلف (بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی پولیس کی کارروائی، 3 افراد سے شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 03 افراد کو حراست میں لے کر 5 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ صادق آباد، ریس کورس اور کہوٹہ کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اسلام آباد پولیس کو نئی گاڑیوں کی چابیاں دے رہے ہیں

اسلام آباد پولیس کی استعدادِ کار میں مزید اضافہ

وفاقی وزیر داخلہ نے 30 نئی گاڑیاں 27 تھانوں کے حوالے کر دیں

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد پولیس کی استعدادِ کار میں مزید اضافہ، 30 نئی گاڑیاں 27 تھانوں کے حوالے، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری نے نئی گاڑیوں کی چابیاں اسلام آباد پولیس کے حوالے کیں۔ نئی گاڑیوں کی فراہمی سے تھانوں کی آپریشنل صلاحیت مزید مؤثر ہوگی اس کے ساتھ ساتھ پولیس افسران کو شہریوں (بقیہ نمبر 47)

شاہد آفریدی کا لاپتا کتا میکس بھی مل گیا مداحوں کا شکریہ ادا کر دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی کا لاپتہ ہونے والا پالتو کتا میکس بھی مل گیا۔ شاہد آفریدی نے سوشل میڈیا پر میکس کی واپسی کی اطلاع دیتے ہوئے تلاش میں مدد کرنے والے تمام افراد کا شکریہ ادا کیا۔ شاہد آفریدی نے اپنے پیغام میں کہا کہ میکس مل گیا ہے اور بحفاظت گھر واپس پہنچ گیا ہے۔ انہوں نے ان تمام افراد کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے میکس کی تلاش (بقیہ نمبر 48)

مون سون بارشوں کے چھٹے سپیل کا الرٹ جاری

شدید بارشوں کے باعث اربن فلڈنگ کا خدشہ ہے، پی ڈی ایم اے

لاہور (این این آئی) پروٹیل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے پنجاب بھر میں مون سون بارشوں کے چھٹے سپیل کا الرٹ جاری کر دیا۔ 21 اگست تک صوبے کے بیشتر اضلاع میں بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اعلامیے کے مطابق اتوار کی رات سے 21 اگست تک لاہور، راولپنڈی، مری، گلیات، جہلم، چکوال، تلہ گنگ، اٹک، سیالکوٹ، نارووال، منڈی بہاالدین میں بارش کا امکان ہے۔ گجرات، گوجرانوالہ، حافظ آباد اور وزیر آباد میں بارشیں (بقیہ نمبر 49)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کا مختلف گرجا گھروں کی سکیورٹی انتظامات کا جائزہ

سکیورٹی کے فرائض پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات، سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری

اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنانا ہے

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کر کے سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا، سکیورٹی کے فرائض پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں موجود گرجا گھروں کی فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے موثر اقدامات (بقیہ نمبر 50)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد گرجا گھروں کی سکیورٹی انتظامات چیک کر رہے ہیں

تین پہیوں والے رکشوں کی فروخت میں زبردست اضافہ

جولائی میں موٹر سائیکلز کی فروخت میں 38.44 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا

لاہور (این این آئی) موٹر سائیکلوں اور تین پہیوں والے رکشوں کی فروخت میں رواں مالی سال کے پہلے ماہ جولائی 2026 کے دوران 38.44 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان آٹو موبائل مینوفیکچرنگ ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کے مطابق جولائی 2026 میں مجموعی طور پر ایک لاکھ 72 ہزار 416 موٹر سائیکلیں اور تھری وہیلر فروخت کیے (بقیہ نمبر 52)

دہشت گردوں کیخلاف جنگ کو منطقی انجام تک ضرور پہنچایا جائیگا

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا بلوچستان کے وزیر داخلہ ضیا لانگو سے ٹیلی فونک رابطہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے وزیر داخلہ ضیا لانگو سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور ان کی خیریت دریافت کی۔ محسن نقوی نے مستونگ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے حملہ ناکام بنانے پر بلوچستان پولیس کی بہادری کو خراج تحسین پیش کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہوا اور میر ضیا لانگو حملے میں محفوظ رہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان پولیس کی قربانیاں قابلِ تحسین ہیں۔ ضیا لانگو نے خیریت دریافت کرنے اور حوصلہ افزائی پر محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا۔ بلوچستان کے (بقیہ نمبر 53)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد گرجا گھروں کی سکیورٹی انتظامات چیک کر رہے ہیں

پیر محل، مہمان آئی دو سالہ بچی گندے نالے میں گر کر جاں بحق

سندھیلیانوالی (این این آئی نامہ نگار) پیر محل مہمان آئی دو سالہ بچی گندے نالے میں گر کر جاں بحق، اہل علاقہ ایک گھنٹے تک تلاش کرتے رہے۔ تفصیلات کے مطابق فریحہ بی بی دختر محمد فاروق، قوم رحمانی، سکنہ چک نمبر 198 ر۔ب فیصل آباد، عمر دو سال اپنے نانا محمد یعقوب ولد عبدالرحمٰن، قوم رحمانی، سکنہ لوئر کالونی پیر محل کے گھر آئی ہوئی تھی کہ گھر کے قریب گزرنے والے گندے نالے میں پاؤں پھسلنے سے گر گئی، اہل علاقہ نے اپنی مدد آپ کے تحت بچی کی تلاش شروع کر دی اور تقریباً ایک گھنٹے کی جدوجہد کے بعد بچی کی نعش نالے سے نکال لی۔ پولیس کے مطابق جاں بحق بچی کی (بقیہ نمبر 51)

ڈی جی خان، 2 موٹر سائیکلیں وین سے ٹکرا گئیں، 3 افراد جاں بحق

ڈیرہ غازی خان (این این آئی) ڈیرہ غازی خان کے نواح میں نجی سرور ٹول پلازا کے قریب ٹریفک حادثے میں 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے میں 4 افراد زخمی بھی ہوئے۔ حادثہ 2 تیز رفتار موٹر سائیکلوں کے وین سے ٹکرانے کے باعث پیش آیا۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

چیک ڈس آنر کیس ملزم محمد ثاقب کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور

12 لاکھ روپے کے مبینہ چیک ڈس آنر مقدمہ میں عدالت نے ملزم کو قانونی تحفظ دے دیا

ملک وقار فیض ایڈووکیٹ کے ٹھوس دلائل، ایڈیشنل سیشن جج گوجر خان نے ضمانت قبل از گرفتاری منظور کر لی

گوجر خان (قمر شہزاد) تھانہ گوجر خان میں درج مقدمہ نمبر 597/25، بجرم 489-F تعزیرات پاکستان، مورخہ 24 مئی 2025 میں نامزد ملزم محمد ثاقب کی ضمانت قبل از گرفتاری ایڈیشنل سیشن جج گوجر خان باسط علیم کی عدالت نے 15 اگست 2026 کو منظور کر لی۔ مقدمہ کی پیروی ملزم کی جانب سے نوجوان فوجداری قانون دان ملک وقار فیض ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے کی۔ دورانِ سماعت انہوں نے مقدمہ کے قانونی و واقعاتی پہلوؤں پر ٹھوس دلائل پیش کیے اور ملزم کے مؤقف کی مؤثر (بقیہ نمبر 54)

ڈینگی کے 6 کیسز کی تصدیق، 74 ہزار گھروں سے لاروا برآمد

اسکریننگ میں 2 ہزار 656 مریض مشتبہ قرار پائے، محکمہ صحت کے حکام کی گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں 6 مریضوں میں ڈینگی وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ تمام مریضوں کا تعلق ڈھوک حسو، جنوبی کوٹھا کلاں اور کوئنٹریلا سے ہے۔ انسداد ڈینگی مہم کے دوران مختلف علاقوں سے بڑے پیمانے پر ڈینگی لاروا بھی برآمد ہوا۔ محکمہ صحت کے مطابق چکلالہ، پیر ودھائی، ڈھوک رتہ، وارث خان، کہنہ ڈاک، گنگال، چک جلال دین اور ڈھوک منگال کے علاقوں سے ڈینگی لاروا ملا۔ اب تک 2 ہزار 841 افراد کی ڈینگی تشخیص کے لیے اسکریننگ کی گئی، جن میں 2 ہزار 656 مریض مشتبہ قرار پائے۔ انسداد ڈینگی مہم کے جائزے کے لیے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کے 27 جبکہ تحصیل ایمرجنسی رسپانس (بقیہ نمبر 55)

شہریوں کو بہتر اور موثر پولیس سروسز کی فراہمی اولین ترجیح ہے

پولیسنگ کے نظام کو مزید موثر، مربوط اور عوام دوست بنائیں، سید علی ناصر رضوی

شہریوں کے مسائل کے فوری حل کیلئے جدید حکمت عملی اپنائی جائے، آئی جی اسلام آباد

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا ہے کہ شہریوں کو بہتر اور موثر پولیس سروسز کی فراہمی اولین ترجیح ہے، افسران شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، جرائم کی روک تھام اور عوامی اعتماد کے فروغ کیلئے پولیسنگ کے نظام کو مزید موثر، مربوط اور عوام دوست بنائیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سینئر پولیس افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہریوں کو بروقت، موثر اور باوقار پولیس سروسز کی فراہمی، پولیس ریسپانس کو مزید بہتر بنانے اور عوامی خدمت کے نظام کو مضبوط بنانے کے حوالے سے اہم امور کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا، ایس ایس پی انویسٹی گیشن سلیمان ظفر اور ڈی ایس پی سی آئی اے (بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد پولیس کے گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز

جانچ پڑتال کیلئے 3 مشکوک افراد اور 12 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کے دوران جانچ پڑتال کیلئے 3 مشکوک افراد اور 12 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشنز (بقیہ نمبر 42)

پاکستان فرسٹ فرنچر ٹریڈ شو 2028 کی اختتامی تقریب کے موقع پر مہمان خصوصی کراچی چیمبر آف کامرس کے صدر ریحان حنیف کو پاکستان فرنچر ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین رانا وحید گلدستہ پیش کر رہے ہیں

اسلام آباد پولیس کا غیر قانونی اسلحہ کے خلاف کریک ڈاؤن

379 مشتبہ افراد گرفتار، 365 آتشیں اسلحہ برآمد کر لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد سپیشل ٹیریٹری (آئی سی ٹی) پولیس نے یکم جولائی سے 15 اگست 2026 تک 46 روزہ کریک ڈاؤن کے دوران غیر قانونی اسلحہ اور اسلحے کی نمائش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 379 مشتبہ افراد کو گرفتار، 373 مقدمات درج اور 365 آتشیں اسلحہ قبضے میں لے لیا۔ ترجمان آئی سی ٹی پولیس کے مطابق آئی جی (بقیہ نمبر 43)

راولپنڈی میں پیشہ ور گداگروں کے خلاف کارروائی کی جا رہی ہے

ہوائی فائرنگ میں ملوث 7 مشتبہ افراد گرفتار

پولیس نے ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس سٹیشن کہنہ نے مبینہ طور پر ہوائی فائرنگ میں ملوث 7 مشتبہ افراد کو گرفتار کر کے غیر قانونی اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق کہنہ پولیس سٹیشن کے دائرہ اختیار میں ہوائی فائرنگ کی اطلاع ملنے کے بعد ایس ایچ او تھانہ کہنہ شاہد زمان اپنی ٹیم کے ہمراہ موقع پر پہنچے اور فائرنگ میں مبینہ طور پر ملوث 7 مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کر لیا جبکہ ان کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ ایک پولیس اہلکار (بقیہ نمبر 44)

ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنیوالا اشتہاری گرفتار

اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، ایس پی پوٹھوہار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ ویسٹریج پولیس نے سابقہ دشمنی کی بناء پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والا اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ویسٹریج پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سابقہ دشمنی کی بناء پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری سال 2025 سے پولیس کو مطلوب تھا، ویسٹریج پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے (بقیہ نمبر 45)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

آوارہ کتوں کو ہلاک کرنے پر ضلع کونسل کا اہلکار اغوا

سرکاری امور میں مداخلت، مقدمہ درج، اہلکار بازیاب، تین گرفتار

ساہیوال (این این آئی) آوارہ کتوں کو ہلاک کرنے پر ضلع کونسل کا اہلکار اغوا، زمیندار اور اس کے ساتھیوں کے خلاف مقدمہ درج، اہلکار بازیاب۔ چک 72 چار آر میں آوارہ کتوں کو ہلاک کرتے ہوئے اہلکار فدا حسین کو زمیندار شاموں جتوئی۔ عابد علی بھٹی۔ محمد بلال بلوچ۔ ماجد اور دو نامعلوم مسلح افراد اغواء کر کے ڈیرہ پر لے گئے اور کمرہ میں بند کر کے تشدد کرتے رہے اور اس سے موبائل بھی چھین لیا۔ شہری کی 15 کال پر پولیس (بقیہ نمبر 33)

بیوی کو کمرہ میں بند کر کے محبوبہ کے سامنے گھریلو تشدد کا معاملہ

خاوند سمیت تین گرفتار، خاتون بازیاب، مقدمہ درج کر لیا گیا

ساہیوال (این این آئی) نواحی گاؤں چک بندی برکھا میں بیوی کو کمرہ میں بند کر کے محبوبہ کے سامنے تشدد، 15 کال پر پولیس کا ایکشن۔ تفصیلات کے مطابق اسی گاؤں کی صائمہ بی بی کی چھوٹی بہن فیروزیہ بی بی کو اس کے خاوند غلام قادر کاٹھیا اور سمیرا نے دو نامعلوم ساتھیوں کے ہمراہ محبوبہ کو گھر لانے پر بیوی کے ساتھ جھگڑا کے بعد غلام قادر کاٹھیا نے بیوی فیروزیہ بی بی کو کمرہ میں بند کر کے تالا لگا دیا اور محبوبہ کے سامنے تشدد کر کے (بقیہ نمبر 35)

جنگل سے شادی شدہ خاتون اغواء، گینگ ریپ

دو نوجوان لڑکیوں کی جبراً آبرو ریزی، مقدمات درج، پانچ گرفتار

ساہیوال (این این آئی) جنگل سے شادی شدہ خاتون اغواء کر کے گینگ ریپ، دو نوجوان لڑکیوں کی جبراً آبرو ریزی، مقدمات درج، پانچ گرفتار۔ چک 114 سات آر میں معشوق محنت کش جنگل میں اپنی ساس پٹھانی بی بی اور بیوی انور بی بی کے ہمراہ لکڑیاں لینے گئے تو بیوی انور بی بی نہر سے پانی لینے گئی تو اسلحہ کے زور پر وسیب نصیب، مظہر شیخ اور تین (بقیہ نمبر 36)

گوجر خان پسند کی شادی کرنیوالی لڑکی کا تحفظ کیلئے رجوع

والد کی درخواست پر تھانہ گوجر خان میں اغواء کا مقدمہ درج، لڑکی کے ہمراہ نقدی اور طلائی زیورات لے جانے کا بھی مقدمہ میں ذکر

جوڑے کا خاندان سے جانی خطرات کا دعویٰ، ویڈیو بیان میں پولیس سے تحفظ فراہم کرنے کی اپیل

گوجر خان (قمر شہزاد) گھر سے لاپتہ ہو کر کراچی کے رہائشی نوجوان سے پسند کی شادی کرنے والی 23 سالہ ملائکہ فردوس نے خاندان سے مبینہ جانی خطرات کے پیش نظر تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کر دی۔ تھانہ گوجر خان پولیس نے لڑکی کے والد کی درخواست پر اغواء کا مقدمہ درج کر رکھا ہے۔ ملائکہ فردوس کے مطابق اس نے 10 اگست کو اپنی آزاد مرضی اور پسند سے ساغر نامی نوجوان سے کورٹ میرج کی ہے، تاہم خاندان کی مرضی کے خلاف شادی کے باعث اسے اور اس کے شوہر کو جانی خطرات لاحق ہیں، لہٰذا انہیں تحفظ فراہم کیا جائے۔ پولیس مقدمہ کے مطابق 10 اگست کو ملائکہ فردوس اپنی والدہ سمیت گھر کی دیگر خواتین کے ہمراہ گوجر خان بازار شاپنگ کیلئے آئی، جہاں سے (بقیہ نمبر 37)

ٹیکسلا پولیس کی کارروائی، لڑکے سے زیادتی کرنے والے 2 اشخاص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) ٹیکسلا پولیس نے 14 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے 2 اشخاص گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے 14 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے 2 اشخاص کو گرفتار کر لیا، متن مقدمہ کے مطابق زیر حراست اشخاص نے میرے بیٹے سے زیادتی کی، ٹیکسلا پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا، ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی نے کہا کہ زیر حراست اشخاص کو ٹھوس (بقیہ نمبر 38)

لاہور: غیر ملکی شہری